تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | بدھ 13 مئی 24,2026 ذی القعدہ 1447ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 272

مشکل حالات میں بھی نرسز کا انسانیت کی خدمت کے لیے کلیدی کردار ہے، وزیراعظم

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی باآسانی اور موثر فراہمی نرسز کی خدمات کے بغیر ممکن نہیں، انسانیت کے لئے ان کی بیش قدر خدمات باعث فخر ہیں، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل حالات میں بھی نرسز کا انسانیت کی خدمت کے لیے کلیدی کردار ہے، عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی باآسانی اور موثر فراہمی نرسز کی خدمات کے بغیر ممکن نہیں، انسانیت کے لئے ان کی بیش قدر خدمات باعث فخر ہیں۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے نرسز کے عالمی دن کے موقع پر جاری پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ نرسز کے عالمی دن پر دنیا بھر اور بالخصوص پاکستان میں شعبہ طب سے منسلک مرد و خواتین نرسز کی انسانیت کے لیے بے لوث خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، عالمی سطح پر انٹرنیشنل کونسل آف نرسز کی جانب نرسز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مختص کردہ یہ دن شعبہ طب میں باہمی عالمی تعاون کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتا (بقیہ نمبر 1)

سندھ حکومت پاکستان میں سب سے زیادہ کام کر رہی ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت پاکستان میں سب (بقیہ نمبر 6)

صدر کا دہشت گردی کا خطرہ ناکام بنانے کے دوران جان قربان کرنے والے بہادر شہری لیاقت کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے جنڈ اور خوشحال گڑھ پل کوہاٹ (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین سینیٹ کا لکی مروت دھماکے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار



اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ (بقیہ نمبر 4)

آبنائے ہرمز کی بندش کے نام پر پاکستان میں غریب عوام پر مہنگائی کی قیامت ڈھا دی گئی، مولانا فضل الرحمن

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 3)

ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ مالیاتی خسارہ مجموعی قومی پیداوار کے ایک فیصد سے بھی نیچے آ گیا، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ مالیاتی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت فوڈ سیکیورٹی اور کھاد کی دستیابی سے متعلق اجلاس ہوا۔

محسن نقوی کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ، تعمیراتی منصوبوں کا جائزہ

رواں برس سے افسران کی ایلیٹ ٹریننگ صوبوں کے بجائے نیشنل پولیس اکیڈمی میں کرائی جائیگی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے نیشنل پولیس اکیڈمی میں زیر تعمیر کثیر منزلہ ہاسٹل کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے نیشنل پولیس اکیڈمی میں زیر تعمیر (بقیہ نمبر 7)

جوڈیشل افسران کیلئے نئے مراعاتی پیکیج کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب میں جوڈیشل افسران کیلئے نئے مراعاتی پیکیج (بقیہ نمبر 8)

جنگ ختم ہونے پر حالات بہتر اور مہنگائی کم ہو جائیگی، خواجہ آصف

حالات کے باعث جو بوجھ پڑ رہا ہے اسے کسی طریقے سے تو مینج کرنا ہے، اللہ نہ کرے کہ جنگ لمبی ہو، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ جب جنگ ختم ہو گی حالات بہتر ہوں گے اور مہنگائی کم ہو گی۔ اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے غریب عوام کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ حالات کے باعث جو بوجھ پڑ رہا ہے اسے کسی طریقے سے تو مینج کرنا ہے، اللہ نہ کرے کہ جنگ لمبی ہو، پٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے شہریوں پر بوجھ پڑا ہے، پٹرولیم مصنوعات پوری دنیا اور خطے میں مہنگی ہوئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 9)

وزیر تجارت سے ترکمانستان کے سفیر کی ملاقات، باہمی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال

ہماری بندرگاہیں خطے کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ترکمانستان کے سفیر عطا جان مولاموف نے ملاقات کی اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال کیا۔ منگل کو منعقد ہونے والی ملاقات میں وفاقی وزیر تجارت اور ترکمانستان کے سفیر نے تجارت، توانائی اور علاقائی روابط پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور باہمی تجارتی و معاشی تعاون (بقیہ نمبر 10)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین ملاقات کر رہے ہیں۔

خواتین کیلئے محفوظ پنجاب میری اولین ترجیح ہے، مریم نواز

ہر خاتون بلاخوف وخطر، اعتماد اور تحفظ کے ساتھ گھر سے باہر نکل سکے اور اسے کسی قسم کی ہراسانی یا بدسلوکی کا سامنا نہ کرنا پڑے، پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کا تعلق بھی اسی تعلیمی ادارے سے ہونا ان کے لیے باعثِ فخر ہے

کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ وہ سیاست میں آئیں گی، تاہم وقت کے ساتھ حالات نے انہیں اس میدان میں آنے کا موقع دیا، چند سال قبل تک پاکستان مسلم لیگ (ن) میں خواتین فرنٹ لائن سیاست میں کم دکھائی دیتی تھیں، مگر آج صورتحال تبدیل ہو چکی ہے اور وہ خود اس تبدیلی کی ایک مثال ہیں

مریم اورنگزیب اور عظمیٰ بخاری سمیت متعدد خواتین سیاست اور حکومتی امور میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں جبکہ صوبے کے کئی اہم اداروں کی سربراہی بھی خواتین کے پاس ہے، لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی سے ان کی کئی یادیں وابستہ ہیں، ڈگری حاصل کرنا زندگی کے سفر کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئی عملی زندگی کا آغاز ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ان کی اولین ترجیح خواتین کے لیے ایک محفوظ پنجاب بنانا ہے جہاں ہر خاتون بلاخوف وخطر، اعتماد اور تحفظ کے ساتھ گھر سے باہر نکل سکے اور اسے کسی قسم کی ہراسانی یا بدسلوکی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کا تعلق بھی اسی تعلیمی ادارے سے ہونا ان کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ وہ سیاست میں آئیں گی، تاہم وقت کے ساتھ حالات نے انہیں اس میدان (بقیہ نمبر 13)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گورنمنٹ کالج فار ویمن یونیورسٹی کے کانووکیشن تقریب سے خطاب کر رہی ہیں۔

پاکستان اور کویت کا سٹریٹجک سٹوریج کے قیام سے متعلق نئے امکانات تلاش کرنے پر اتفاق

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مشترکہ کاوشوں سے بحری جہاز بحفاظت پاکستان پہنچا، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کویت نے پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں بالخصوص ریفائننگ میں تعاون کے فروغ اور پاکستان میں سٹریٹجک سٹوریج کے قیام سے متعلق نئے امکانات تلاش کرنے پر اتفاق کیا ہے جو دونوں ممالک کے لیے باہمی طور پر مفید ثابت ہو سکتے (بقیہ نمبر 12)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے (بقیہ نمبر 11)

لکی مروت میں دھماکا، 2 پولیس اہلکاروں سمیت 9 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

دھماکے میں 2 ٹریفک پولیس اہلکار بھی شہید ہوئے، سرائے نورنگ ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت میں دھماکا ہوا ہے، جس میں 9 افراد جاں بحق ہو گئے اس حوالے سے ہسپتال انتظامیہ نے بتایا دھماکے سے جاں بحق 7 افراد کی لاشیں نورنگ ہسپتال لائی گئی ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق دھماکے میں 2 ٹریفک پولیس اہلکار بھی شہید ہوئے ہیں، دھماکے کے نتیجے میں 23 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق ہسپتال لائے گئے زخمیوں میں خاتون اور بچے بھی شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 14)

وفاقی حکومت نے آئی پی پیز کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دیا ہے، اویس لغاری

وفاقی حکومت ہر ممکن صارفین بجلی کو سہولیات فراہم کریگی تاکہ غریب اور متوسط طبقے پر کم سے کم بوجھ پڑے

میانوالی (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئی پی پیز کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دیا ہے، بجلی اتنی سستی ہو گی کہ بیٹریوں میں ذخیرہ کی جا سکے گی وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہیکہ وفاقی حکومت نے مزید 10 ہزار میگاواٹ کے ائی پی پیز منصوبہ جات پر عملدرآمد روک دیا ہے انھوں نے کہا ہیکہ بجلی کے نرخ کم کئے جا رہے ہیں تاکہ صارفین بجلی بیٹریوں میں سٹور کر کے رات کو استعمال کر سکیں، انھوں نے مزید (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ڈی آئی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر عوامی مسائل وشکایات کے ازالے کیلئے متحرک

ٹریفک پولیس پنجاب کا کمپلینٹ سیل فعال، رواں سال 3600 سے زائد شکایات کا ازالہ کیا گیا' ترجمان

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی ہدایت پر ٹریفک ہیڈکوارٹرز کمپلینٹ سیل کے ذریعے شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے تحت عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق کمپلینٹ سیل میں پرائم منسٹر آفس، سی ایم پنجاب آفس، 1787، جنرل کمپلین اور واٹس ایپ کے ذریعے شکایات موصول ہوتی ہیں۔ کمپلینٹ سیل میں رواں سال 4 ہزار (بقیہ نمبر 17)

پابندی کے باوجود پتنگ بازی کیخلاف درخواست پر سماعت 21 مئی تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پابندی کے باوجود پتنگ بازی کے خلاف درخواست پر سماعت 21 مئی تک ملتوی کر دی۔ جسٹس اویس خالد نے جوڈیشل ایکٹوازم پینل کے اظہر صدیق کی درخواست پر سماعت کی جس میں موقف اپنایا گیا کہ بسنت کے خاتمے کے باوجود (بقیہ نمبر 16)

لاہور ہائیکورٹ نے ڈی جی ایف آئی اے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی

رپورٹ جمع کرانے کا کیا طریقہ تھا، کیا یونیفارم میں سب کچھ کرنے کی اجازت ہے' چیف جسٹس کا اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی حکم کے باوجود سوشل میڈیا پر تصاویر وائرل کرنے کی انکوائری نہ کرنے پر ڈی جی ایف آئی اے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست ایف ائی اے رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے غفران کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے سوشل میڈیا پر تصاویر وائرل کرنے کی انکوائری نہ کرنے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی۔ عدالتی حکم پر ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 15)

جائیداد کے دستاویزات کے حصول کیلئے بائیومیٹرک تصدیق لازم کرنے کا فیصلہ

پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی الیکٹرانک ریکارڈ سسٹم تشکیل دے گی۔

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے جائیداد کے دستاویزات کے حصول کیلئے بائیومیٹرک تصدیق لازم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس حوالے سے رجسٹریشن ایکٹ 2026ء گورنر پنجاب کو ارسال کر دیا گیا ہے، پنجاب اسمبلی سے یہ ایکٹ بروز جمعرات کو کثرتِ رائے سے منظور ہوا تھا۔ اس بل کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے۔ اس بل کے تحت رجسٹریشن ایکٹ 1908 میں ترامیم کی جائیں گی، ترمیم کر کے بائیومیٹرک تصدیق کی شق ایکٹ میں شامل کی جائے گی۔ (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گورنر پنجاب نے پنجاب فلم سٹی اتھارٹی بل 2026ء پر دستخط کر دیئے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے پنجاب فلم سٹی اتھارٹی بل 2026ء پر دستخط کر دیئے ہیں جس کے بعد یہ قانون پورے صوبے میں نافذ العمل ہو گیا ہے۔ نئے قانون کے تحت پنجاب فلم سٹی اتھارٹی قائم کی جائے گی جس کا مقصد فلم انڈسٹری کی بحالی، روزگار کے مواقع اور تخلیقی (بقیہ نمبر 30)

پنجاب میں مقامی آرٹیفیشل انٹیلی جنس پلیٹ فارم قائم کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مقامی آرٹیفیشل انٹیلی جنس پلیٹ فارم قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پنجاب حکومت نے ڈیجیٹل گورننس اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے میدان میں بڑا قدم اٹھاتے ہوئے گورنمنٹ جی پی یو کلاؤڈ منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف سرکاری نظام کو جدید بنائے گا بلکہ مقامی سطح پر اے آئی ٹیکنالوجی کی ترقی میں بھی (بقیہ نمبر 31)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق مقامی حکومتوں کے انتخابات کے حوالے سے گول میز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

انتہا پسند ہندو ذہن میں رکھیں جارحیت مسلط کی گئی تو دگنی طاقت سے جواب دیا جائیگا، رانا تنویر

پاکستان جنگ کا قائل نہیں مگر اپنے تحفظ کیلئے ہر قدم اٹھائے گا' وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ بھارتی حکمران اور انتہا پسند ہندو ذہن میں رکھیں اگر پاکستان پر کبھی جارحیت مسلط کی گئی تو طاقت کا جواب دگنی طاقت سے دیا جائے گا، پاکستان اپنے دفاع کا مکمل حق رکھتا ہے۔ انہوں نے نارنگ منڈی کے سرحدی علاقہ مردانہ شریف کے سابق چیئرمین یوسی مہتہ سوجا رانا قربان علی خاں کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں میڈیا سے (بقیہ نمبر 19)

دہشتگردی کے مقدمات میں ججز، وکلاء اور گواہوں کے تحفظ کیلئے اہم فیصلے کر لئے گئے

انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں اہم ترامیم کی منظوری، ججز، وکلاء، گواہان کی شناخت خفیہ رکھی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے دہشتگردی کے مقدمات میں ججز، وکلاء اور گواہوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اہم اقدامات کا فیصلہ کر لیا۔ پنجاب کابینہ نے انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں اہم ترامیم کی منظوری دیدی ہے جس کے تحت دہشتگردی کیسز میں ججز، وکلاء اور گواہان کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی۔ حساس مقدمات کیلئے خصوصی سکیورٹی اور ان کیمرہ ٹرائل کی تجویز بھی منظور کی گئی ہے جبکہ ویڈیو لنک کے ذریعے گواہی اور خفیہ شناختی نظام کیلئے جدید ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 32)

نرسز انسانیت کی خدمت، ایثار اور ہمدردی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

صحت کے شعبے میں نرسز کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، مراد علی شاہ کا انٹرنیشنل نرسز ڈے پر پیغام

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے انٹرنیشنل نرسز ڈے کے موقع پر نرسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نرسز انسانیت کی خدمت، ایثار اور ہمدردی کی روشن مثال ہیں۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں نرسز کا کردار ناقابلِ فراموش ہے اور مریضوں کی دیکھ بھال میں وہ فرنٹ لائن ہیروز کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وبائی امراض اور ہنگامی حالات میں نرسز نے مثالی خدمات انجام دیں جنہیں (بقیہ نمبر 22)

لاہور، بین الاضلاعی مویشی چور گینگ کے 3 کارندے گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں بین الاضلاعی مویشی چور گینگ کے 3 کارندے گرفتار کر لیے گئے۔ چوہنگ پولیس نے شاہ پور مویشی منڈی کے قریب چھاپہ مار کر مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں غلام مصطفی، محمد عثمان اور محمد حسین شامل ہیں جن کے قبضے سے چوری شدہ بھینس، کٹی (بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں ٹریفک خلاف ورزیوں پر سخت کارروائیوں کے احکامات، مراسلہ جاری

تمام سی ٹی اوز، ڈی ٹی اوز کو سختی سے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرانے کا حکم دیا گیا ہے' وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ اس حوالے سے ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید ندیم عباس نے باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ مراسلے کے مطابق صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کے نفاذ کو سو فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ تمام سی ٹی اوز اور (بقیہ نمبر 20)

مقامی حکومتوں کی مضبوطی پر یقین، جلد از جلد بلدیاتی انتخابات کروا دیں گے، ذیشان رفیق

جو ایکٹ بنایا ہے اُس کے مطابق الیکشن کرا دیں گے، الیکشن کمیشن اپنا کام کر رہا ہے' وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) مقامی حکومتوں کی مضبوطی پر یقین رکھتی ہے، الیکشن کمیشن اپنا کام کر رہا ہے، جلد از جلد بلدیاتی انتخابات کرا دیں گے۔ صوبائی وزیر مقامی حکومتوں کے انتخابات پر گول میز کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ ایم پی اے، چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی طارق سبحانی نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 33)

لاہور: پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ہاؤسنگ سلطان باجوہ متعلقہ امور بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عیدالاضحیٰ، آلائشیں ٹھکانے لگانے کیلئے 15 لاکھ بیگز کی تیاری، ٹینڈر جاری

عید سے قبل شہر کی تمام یونین کونسلز میں مفت بائیوڈی گریڈایبل بیگز دستیاب ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ اتھارٹی (ایل ڈبلیو ایم اے) نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی انتظامات کو موثر بنانے کے لئے پیشگی اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایل ڈبلیو ایم اے نے عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کے لئے 15 لاکھ بائیوڈی گریڈ ایبل ویسٹ بیگز تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ ماحول دوست بیگز کی فراہمی کے لئے باقاعدہ ٹینڈر بھی (بقیہ نمبر 24)

لیسکو نے 1 ماہ کے بل کی مقررہ تاریخ گزرنے پر کنکشن منقطع کرنا شروع کر دیئے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے ریکوری اہداف کے حصول کیلئے بجلی بلوں کی عدم ادائیگی پر سخت کارروائی شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو نے مقررہ تاریخ تک ایک ماہ کا بل ادا نہ کرنے والے صارفین (بقیہ نمبر 23)

لاہور ٹریفک پولیس میں انتظامی بنیادوں پر تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے انتظامی بنیادوں پر 25 لائسنس انچارجز اور 14 بیٹ افسران کو تبدیل کر دیا۔ تبدیل ہونے والوں میں لائسنس انچارجز کو ٹریفک سیکٹرز میں بیٹ آفیسرز تعینات، ٹریفک انسپکٹر محمد عاصم کو انچارج لبرٹی لائسنسنگ، خالد محمود کو انچارج گریٹر اقبال تعینات، شاہد محمود کو پولیس (بقیہ نمبر 25)

لاہور: مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے اے آئی وخصوصی اقدامات علی ڈار آئی بی آئی گروپ چائنا کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

لاہور، گھر میں ڈکیتی کا ڈراپ سین، واردات کا ماسٹر مائنڈ بھانجا نکلا

سیف سٹی اور لوکل کیمروں کی مدد سے ملزمان گلبرگ سے گرفتار، لوٹا گیا سونا، نقدی اور اسلحہ برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے شالیمار کے گھر میں گن پوائنٹ پر ڈکیتی کے واقعے کا ڈراپ سین ہو گیا، واردات کا ماسٹر مائنڈ سگا بھانجا نکلا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او شالیمار علی حسن نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزمان گرفتار کر لیے۔ ملزم نے دوستوں کے ساتھ مل کر اپنے ہی رشتے دار کے گھر ڈکیتی کی منصوبہ بندی کی، سیف سٹی اور متعدد لوکل کیمروں کی مدد سے ملزمان کو گلبرگ کے علاقے سے ٹریس کیا گیا، سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو واردات کر کے فرار ہوتے (بقیہ نمبر 26)

ممبر سندھ ارسا محمد احسان الحق لغاری عہدے سے مستعفی

کراچی (این این آئی) ممبر سندھ ارسا محمد احسان الحق لغاری نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ وفاقی حکومت نے محمد احسان الحق لغاری کا بطور ممبر سندھ ارسا استعفیٰ منظور کر لیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق استعفے کی منظوری کا اطلاق 6 مئی 2026 سے ہو گا، وفاقی حکومت نے (بقیہ نمبر 27)

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا ائیرپورٹ پر خواتین ملازمین کی سہولت کے لیے اہم اقدام

ہیڈکوارٹرز کے بعد جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کراچی پر بھی ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کی جانب سے ائیرپورٹ پر خواتین ملازمین کی سہولت کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے ہیڈکوارٹرز کے بعد جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کراچی پر بھی ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق بیگم ایئر وائس مارشل ذیشان سعید ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ (بقیہ نمبر 34)

درجہ اول گھی، کوکنگ آئل کی قیمت میں 3 روپے اضافہ

لاہور (این این آئی) اوپن مارکیٹ میں درجہ اول گھی اور کوکنگ آئل کی قیمت میں 3 روپے اضافہ ہو گیا جس کے بعد نئی قیمت 598 روپے کلوگرام/لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ سن فلاور کوکنگ آئل کی قیمت میں بھی اضافہ دیکھا گیا ہے اور اس کی نئی قیمت 618 روپے فی کلوگرام (بقیہ نمبر 35)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان، ورلڈ اربن فورم میں شرکت اور تیاریوں بارے آگاہ کر رہے ہیں۔

امریکی ٹی وی کی ایرانی طیاروں کی موجودگی کی خبر گمراہ کن ہے، دفتر خارجہ

قیاس آرائیوں پر مبنی بیانیہ بظاہر خطے میں استحکام اور امن کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچانے کے لیے گھڑا گیا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سی بی ایس نیوز کی اُس رپورٹ کو قطعی طور پر مسترد کر دیا ہے جس میں نور خان ایئربیس پر ایرانی طیاروں کی موجودگی کے حوالے سے گمراہ کن اور سنسنی خیز دعوے کیے گئے تھے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ اس نوعیت کی قیاس آرائیوں پر مبنی بیانیہ بظاہر خطے میں استحکام اور امن کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچانے کے لیے گھڑا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جنگ بندی کے بعد اور (بقیہ نمبر 28)

خصوصی انسدادِ پولیو مہم 18 مئی سے 79 اضلاع میں شروع ہوگی

مہم کے دوران ایک کروڑ 90 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، ای او سی حکام

کراچی (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) نے اعلان کیا ہے کہ ملک بھر کے 79 مخصوص اضلاع میں 18 مئی سے خصوصی انسدادِ پولیو مہم کا آغاز کیا جائے گا، جو 24 مئی تک جاری رہے گی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کے دوران ایک کروڑ 90 لاکھ بچوں کو (بقیہ نمبر 37)

لاہور میں 5 نئے انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینکس کی تعمیر جاری

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں بارشی پانی کو محفوظ بنانے اور اربن فلڈنگ کے مسائل پر قابو پانے کے لئے (بقیہ نمبر 36)

داخلی معاملات بھی توجہ طلب

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ 10 مئی پاکستان کی تاریخ کا سنہری باب ہے، بھارتی جارحیت پر پاکستان کا ردِعمل سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ آپریشن بنیان مرصوص معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر اسلام آباد میں پاکستان مونومنٹ پر خصوصی تقریب سے مرکزی خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعے کے بعد پاکستان پر جنگ مسلط کی گئی، بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال حملہ کیا، اِس نے سول آبادی کو نشانہ بنایا، عبادت گاہوں پر حملے کیے جس کے جواب میں افواجِ پاکستان خصوصاً پاک فضائیہ نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج کے سپوتوں نے دشمن کے آٹھ طیارے گرا کر پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کردیا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ کشمیر پر بھارت کا غاصبانہ قبضہ ہے، مسئلہ کشمیر حل طلب ہے، پاکستان کشمیر کے عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا جبکہ پاکستان فلسطینی عوام کی غیر مشروط حمایت بھی جاری رکھے گا۔ صدرِ مملکت کے ساتھ وزیرِاعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سمیت مسلح افواج کے سربراہان، سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ اور وفاقی وزراء تشریف فرما تھے جبکہ مختلف ممالک کے سفیر، سول اور عسکری حکام، شہداء کے لواحقین نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ اِس موقع پر جناب وزیرِاعظم نے کہا کہ دشمن کے تاریکی میں کیے گئے حملے کا تاریخی جواب دیا گیا، معرکہ حق کا خلاصہ اتنا ہے کہ ہر طرف شاہینوں کا غلبہ اور دشمن کے جہازوں کا ملبہ تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ معرکہ حق کی عظیم کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجالاتے ہیں جبکہ مادرِ وطن کے تحفظ کیلئے جامِ شہادت نوش کرنے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ بھارت نے پہلگام واقعے کو بنیاد بنا کر بے بنیاد الزامات لگائے لیکن پاکستان نے دشمن کو ہر قسم کی مہم جوئی کے انجام سے خبردار کیا، واقعے کی ہر طرح کی تحقیقات کی پیشکش بھی کی لیکن بزدل دشمن نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی جس کا بہادر افواج نے تاریخی جواب دیا۔ پاکستانی شاہین دشمن پر جھپٹے تو اُسے جان کے لالے پڑ گئے اور وہ جنگ بندی کی درخواست پر مجبور ہوگیا، ایک سال گزرنے کے باوجود بھارت آج تک پہلگام واقعے کا کوئی ثبوت پیش نہیں کرسکا۔

وزیرِاعظم نے 10 مئی کو یومِ معرکہ حق کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ہدایت کی کہ اِسے ہر سال بھرپور جوش اور جذبے سے منایا جائے۔ اُنہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نہ صرف وہ بلکہ پوری قوم اُنہیں سلام پیش کرتی ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ اِس موقع پر ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر کا ذکر نہ کیا گیا تو تاریخ ادھوری رہے گی، پاک فضائیہ نے دشمن کے دعوؤں کا پول کھول دیا۔ اُنہوں نے نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف اور بحریہ کے جوانوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ معرکہ حق میں 24 کروڑ عوام اپنی افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کے کھڑے رہے۔ اُنہوں نے چین کے صدر شی جن پنگ اور چینی قیادت کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے معرکہ حق میں پاکستان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کی۔ ایران جنگ میں ثالثی کے حوالے سے وزیرِ اعظم نے پاکستان کا ساتھ دینے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور ترک صدر طیب اردوان سمیت اُن دوست ممالک سے بھی اظہارِ تشکر کیا جنہوں نے جنگ کے خاتمے کے لیے کردار ادا کیا تھا۔ اُن کا کہنا تھا کہ برادر ہمسایہ ملک ایران میں اَمن قائم کرنے کے لیے پاکستان اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہے، پاکستان نے 1979ء کے بعد پہلی بار امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان ہمیشہ مظلوم اقوام کے حقوق اور انصاف کے لیے توانا آواز بن کر کھڑا رہا ہے، پاکستان نے فلسطین اور مقبوضہ کشمیر کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کی ہے۔ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف ہمارے جوان بے مثال قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ وزیرِاعظم کی اپیل پر مادرِ وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے احترام میں ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔ تقریب کے آغاز میں تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کیا اور سلامی پیش کی۔

معرکہ حق میں تاریخی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر کراچی سے خیبر اور کشمیر سے گوادر تک جشن منایا گیا، چھوٹے بڑے شہروں میں افواجِ پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرنے اور اُن سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلیاں نکالی گئیں، آزاد کشمیر، پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں مختلف تقاریب کا انعقاد بھی کیا گیا جن میں صوبائی اور ضلعی سطح کی قیادت نے ملکی حفاظت کیلئے ہر قربانی دینے کا عزم دہرایا۔ ملک بھر میں کم و بیش ہفتہ بھر جشن منایا گیا، ہر جگہ سکیورٹی کے سخت اور موثر انتظامات کیے گئے تھے، کسی ایونٹ میں کوئی خلل نہیں ڈالا جا سکا تاہم چونکہ دشمن تاک میں بیٹھا تھا، اُس نے ہفتے کو رات گئے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کی پولیس چوکی فتح خیل کے ساتھ بارود سے بھری گاڑی ٹکرا دی جس کے نتیجے میں آخری اطلاعات تک 15 پولیس اہلکار شہید ہو چکے ہیں۔

تین اہلکاروں کو ملبے سے زندہ بھی نکالا گیا۔ ڈی آئی جی بنوں ریجن نے ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بنوں پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور یہ دہشت گردوں کی آخری بزدلانہ کارروائی ثابت ہوگی۔ بنوں پولیس نہ صرف دہشت گردوں کو چُن چُن کر انجام تک پہنچائے گی بلکہ علاقے سے اُن کا مکمل خاتمہ بھی یقینی بنایا جائے گا۔ اِس واقعے نے ایک بار پھر توجہ دلائی ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ختم نہیں ہوئی، فتنہ الہندوستان ہو یا فتنہ الخوارج، اُنہیں جب اور جہاں موقع ملے گا وہ کارروائی کر گزریں گے۔ خیبر پختونخوا میں شہید ہونے والے پولیس اہلکار پاکستانی تھے، یہی اُن کا پہلا اور آخری تعارف تھا۔ قومی سطح پر دہشت گردوں کے خلاف کسی قسم کی نرمی نہ برتنے کی پالیسی نافذ العمل ہے جو ماضی کے تجربات کی روشنی میں درست ثابت ہوئی ہے، اِس پر تنقید کے بجائے اِس پر سو فیصد عملدرآمد یقینی بنا کر ہی نہ صرف خیبر پختونخوا بلکہ ملک بھر کا اَمن یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنے کے لیے نہ صرف مزید مہارت حاصل کرنا ہوگی بلکہ اپنی تمام تر توجہ سوچ میں ہم آہنگی پیدا کرنے اور داخلی اختلافات ختم کرنے پر مرکوز کرنا ہوگی جس کے لیے ابھی بہت سا کام کرنا باقی ہے۔ سیاسی اختلافات کسی صورت قومی پالیسی یا ہم آہنگی پر غالب نہیں آنا چاہئیں، صوبائی حکومتوں کو وفاق اور اُس کے اداروں سے ساتھ تعاون مزید بڑھانا چاہئے تاکہ کہیں کوئی خلاء باقی نہ رہے جس سے دشمن فائدہ اٹھا سکے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

بھارت کا خطرہ ٹلا نہیں ہے

سلمان عابد

پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کے بگاڑ نے نہ صرف ان دونوں ممالک بلکہ خطہ کی مجموعی صورتحال پر ایک بڑا سیاسی سطح کا ڈیڈ لاک پیدا کیا ہوا ہے۔ اس وقت ایسی کوئی صورتحال دیکھنے کو نہیں مل رہی جس سے یہ اندازہ لگایا جاسکے کہ فوری طور پر دونوں ممالک کی سطح پر تعلقات کی بہتری میں کوئی بڑا مثبت بریک تھرو ہوسکے گا۔ معرکہ حق کے تناظر میں نریندر مودی کی حکومت کی پاکستان مخالف سیاسی مہم جوئی نے جہاں بھارت کو شکست، سیاسی یا دفاعی تنہائی میں مبتلا کیا ہے وہیں اس میں پاکستان مخالف جذبات کو اور زیادہ مضبوط کردیا ہے۔

اس وقت بھارت کسی نہ کسی سطح پر پاکستان سے معرکہ حق کی بنیاد پر اپنی سیاسی اور دفاعی برتری چاہتا ہے اور اس کے لیے وہ پس پردہ اپنے سخت گیر سیاسی یا جنگی عزائم رکھتا ہے۔ کیونکہ مودی حکومت معرکہ حق پر ناکامی کے بعد داخلی سیاست میں دباؤ میں ہے۔ خود بھارت کے لوگ بھی یہ سمجھتے ہیں کہ مودی کی پالیسی نے بھارت کے عالمی بالخصوص علاقائی طاقت کے تصور کو کمزور کیا ہے اور اس کا فائدہ پاکستان کو ہوا ہے۔ اسی بنیاد پر مودی حکومت کی منصوبہ بندی ہے کہ وہ مستقبل میں کوئی ایسی نئی مہم جوئی پاکستان مخالفت کو بنیاد بنا کر کرے تاکہ بھارت میں یہ سوچ دوبارہ پیدا کی جاسکے ہم آج بھی بڑی طاقت ہیں۔

اس وقت پاکستان اور بھارت کے درمیان ہر سطح پر سفارت کاری، باہمی تجارت، دوطرفہ مذاکرات، نقل و حمل، ویزوں پر پابندی اور ایک دوسرے کے ملکوں میں کھیلنے پر ڈیڈ لاک ہے۔ بھارت بدستور اپنے اس موقف پر قائم ہے کہ پاکستان ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ حالانکہ پہلگام واقعہ پر پاکستان کی جانب سے دوطرفہ تحقیقاتی کمیشن یا تھرڈ پارٹی کمیشن بنانے کی تجویز بھی دی گئی تھی جسے بھارت نے مسترد کردیا تھا۔ اسی طرح عالمی قوتوں نے بھی پہلگام واقعہ پر بھارت کے لگائے گئے الزامات اور پیش ہونے والے شواہد کو کافی کمزور قرار دیا تھا اور بھارت کے الزامات کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا تھا۔ یہی وجہ ہے جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو بہت سے عالمی ممالک نے بھارت کے اس طرزِ عمل کو غیر ذمے دارانہ قرار دیا اور پاکستان کے مجموعی کردار کو ایک بڑی ذمے دار ریاست کے طور پر پیش کیا۔

بھارت کا ایک مسئلہ یہ بھی بنا کہ امریکا سمیت دیگر عالمی ممالک نے جنگ کے ماحول میں بھارت کے مقابلے میں پاکستان کے سیاسی، سفارتی اور دفاعی معاملات کو بہت زیادہ پذیرائی دی جو یقینی طور پر بھارت کے لیے قابل قبول نہیں تھا۔ کیونکہ بھارت یہ سمجھتا ہے کہ ان واقعات کے بعد پاکستان کی سفارت کاری کے محاذ پر جو عالمی اور علاقائی سیاسی تنہائی تھی وہ ختم ہوئی ہے اور بھارت کو ان معاملات پر سیاسی سبکی کا سامنا کرنا پڑا۔

اسی طرح اس علاقہ میں جو بھارت کی بالادستی کی خواہش تھی وہ بھی متاثر ہوئی ہے۔ یہ سب کچھ بھارت کے سخت گیر ہندوؤں، بی جے پی اور آر ایس ایس کے لیے قابل قبول نہیں ہے جو نہ صرف پاکستان سے دشمنی رکھتے ہیں بلکہ ان میں مسلم دشمنی بھی غالب نظر آتی ہے۔ حال ہی میں بھارت کی چند ریاستوں میں بی جے پی یا مودی بیانیہ کی کامیابی ظاہر کرتی ہے کہ ان کا بھارت کی داخلی سیاست میں پاکستان مخالف بیانیہ کمزور نہیں بلکہ اور زیادہ مضبوط ہوا ہے۔

اس لیے ان حالات میں یہ سمجھنا کہ بھارت پاکستان کے خلاف خاموش ہوکر بیٹھ جائے گا ممکن نہیں اور وہ اپنے بدلے کی آگ میں آخری حد تک جانے کی منصوبے بندی رکھتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے عالمی سفارت کاری کے محاذ پر بھارت کا پاکستان مخالف بیانیہ آج بھی پہلے کی طرح مضبوط ہے۔ پاکستان کے لیے اس وقت دو چیلنجز ہیں۔ اول، پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کی سردمہری اور بگڑتے تعلقات میں جنگ کے حالات۔ دوئم، بھارت اور افغانستان تعلقات جس کی بنیاد پاکستان دشمنی یا پاکستان مخالف پراکسی کی صورت میں نظر آتی ہے۔ اس پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ بھارت مستقبل میں افغانستان کی مدد سے پاکستان مخالف پراکسی کو بنیاد بنا کر نہ صرف دہشت گردی کو سہولت فراہم کرے گا بلکہ پاکستان کو مسلسل غیر مستحکم کرنے کی پالیسی کو بھی برقرار رکھے گا۔

اسی طرح بھارت کی یہ کوشش بھی ہوگی کہ وہ کسی بھی طرح سے پاکستان اور افغانستان تعلقات میں بہتری کو پیدا نہ ہونے دے، یہ اس کے مفاد میں ہے اور اس سے خود پاکستان کو بھی محتاط رہنا ہوگا اور بھارت کے ان عزائم سے نمٹنا ہوگا۔ ایسے میں خطرہ یہ ہے کہ اگر پاکستان اور بھارت کے موجودہ حالات میں کسی بھی ملک میں دہشت گردی کی کوئی بڑی کارروائی ہوتی ہے تو اس سے حالات اور زیادہ بگاڑ کا شکار ہوں گے اور دونوں طرف سے الزامات اور کشیدگی کی صورتحال دیکھنے کو مل سکتی ہے۔

اس لیے ان حالات میں یہ ڈر اور خوف موجود ہے کہ بھارت کی کوئی جنگجویانہ مہم حالات کو مزید خراب کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ اس لیے فوری طور پر پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کی بہتری یا مذاکرات کی بحالی کے امکانات بہت کم ہیں اور کشیدگی کا پہلو زیادہ غالب نظر آتا ہے۔ اگرچہ فوری طور پر براہ راست جنگ کے امکانات محدود نظر آتے ہیں لیکن کئی ماہرین اس پر بات کررہے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں بھارت کی طرف سے پاکستان کو کسی نئی جنگی مہم جوئی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

امریکا کے معروف تھنک ٹینک سی ایف آر کے بقول پاکستان اور بھارت کے درمیان دوبارہ حالات خراب ہوسکتے ہیں اور اس امکان کو دو پہلوؤں کی بنیاد پر دیکھا جارہا ہے کہ بھارتی نئی مہم جوئی کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان مذاکرات کا راستہ کھل سکتا ہے، اور دوئم، اگر مذاکرات کا راستہ نہیں کھلے گا

پاکستانی عوام کی زندگی اور حکمرانوں کی مراعات: ایک حقیقت پسندانہ جائزہ

رشید بابو ساؤتھ افریقہ

پاکستان میں عام شہری آج شدید معاشی دباؤ تلے ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری، بجلی۔گیس کی قیمتیں اور ٹیکسوں کا بوجھ ان کی زندگی اجیرن کر رہا ہے۔ دوسری طرف حکمران طبقہ، سیاستدانوں اور اشرافیہ کی تنخواہوں، مراعات اور سرکاری اخراجات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ یہ بڑھتا ہوا تضاد عوام میں مایوسی، عدم اعتماد اور نفرت پیدا کر رہا ہے، جو ملک کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔

تنخواہوں میں اضافہ

چار سال پہلے قومی اسمبلی کے اراکین (MNAs) کی ماہانہ تنخواہ تقریباً 1 لاکھ 80 ہزار روپے تھی۔ 2025 میں اسے بڑھا کر *5 لاکھ 19 ہزار روپے* کر دیا گیا۔ وفاقی وزراء کی تنخواہ بھی اسی سطح پر لائی گئی، جبکہ اسپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کی تنخواہ *13 لاکھ روپے* ماہانہ تک پہنچ گئی ہے۔

یہ صرف بنیادی تنخواہ نہیں۔ اراکین کو علاوہ اس کے متعدد مراعات ملتی ہیں: سفری الاؤنس، دفتر کے اخراجات، فون، بجلی، پٹرول، فری ٹکٹس وغیرہ۔ ایک اندازے کے مطابق ایک MNA یا MPA پر سالانہ کروڑوں روپے کا بوجھ سرکاری خزانے پر پڑتا ہے۔ یہ سب عام عوام کا ٹیکس پیسہ ہے۔

سبسڈیز، مراعات اور حکومتی اخراجات

حکومت اشرافیہ، بڑے صنعتکاروں، جاگیرداروں اور طاقتور لابیوں کو مختلف شکلوں میں سبسڈیز اور ٹیکس چھوٹ دیتی رہتی ہے۔ وفاقی بجٹ 2025-26 کے مطابق سبسڈیز تقریباً *1.18 ٹریلین روپے* (1180 ارب) کے قریب ہیں۔ ٹیکس ایکزیمپشنز (Tax Expenditures) بھی کئی سو ارب روپے سالانہ ہیں۔

IMF اور UNDP کی رپورٹس کے مطابق *"Elite Capture"* کی وجہ سے پاکستان کی معیشت کا تقریباً *6 فیصد* حصہ (اربوں ڈالر) مراعات، ٹیکس چھوٹ، سبسڈیز اور کرپشن میں ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ مراعات چند طاقتور طبقات تک محدود رہتی ہیں جبکہ عام آدمی بالواسطہ ٹیکس (GST، پٹرول ٹیکس) کی زد میں رہتا ہے۔

حکومتی کل اخراجات بھی تیزی سے بڑھے ہیں۔ 2025-26 میں وفاقی بجٹ کا حجم تقریباً *17.5 ٹریلین روپے* ہے، جس میں سود کی ادائیگی، دفاعی بجٹ اور جاری اخراجات کا بوجھ بہت زیادہ ہے۔

عوام پر بوجھ

مہنگائی: گزشتہ سال کم ہو کر 4-5% رہ گئی تھی، مگر 2026 میں دوبارہ بڑھ کر 8-11% کی سطح پر پہنچ رہی ہے۔ خوراک، ایندھن اور بجلی مہنگی ہورہی ہے۔

بے روزگاری*: نوجوانوں میں بے روزگاری زیادہ ہے۔ لاکھوں نوجوان ملازمت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں یا بیرون ملک جا رہے ہیں۔

ٹیکس کا نظام: غریب اور درمیانہ طبقہ بالواسطہ ٹیکسوں سے زیادہ متاثر ہوتا ہے جبکہ امیر طبقہ exemptions کا فائدہ اٹھاتا ہے۔

نتیجہ یہ کہ عام پاکستانی کا بچہ اچھی تعلیم نہیں پا رہا، علاج مہنگا ہو گیا ہے، اور روزمرہ زندگی مشکل سے گزر رہی ہے۔ خاص طور پر موجودہ حالات ایران اور امریکہ کی جنگ کے نتیجے میں مہنگائی آسمان کی بلندیوں کو چھو رہی ہے اور عوام پریشان حال ہیں

یہ صورتحال کیوں خطرناک ہے؟

جب عوام دیکھتا ہے کہ اس کا ٹیکس پیسہ حکمرانوں کی تنخواہوں، لگژری گاڑیوں، غیر ضروری غیر ملکی دوروں اور مراعات پر خرچ ہو رہا ہے تو حکومت پر اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔ یہ نفرت طویل مدت میں معاشرتی عدم استحکام، احتجاج اور ترقی میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

ممکنہ حل کیا ہیں؟

1. سادگی اور احتساب*: حکمران خود مثال قائم کریں۔ غیر ضروری مراعات (فری ٹکٹس، لگژری گاڑیاں، اضافی الاؤنس) ختم ہوں۔ تنخواہوں اور اخراجات کا مکمل ریکارڈ عوام کے سامنے ہو۔
2. ٹیکس اصلاحات*: امیر طبقے سے زیادہ ٹیکس وصول کیا جائے، غیر ضروری exemptions ختم ہوں۔ بالواسطہ ٹیکسوں پر انحصار کم ہو۔
3. سبسڈیز کا درست ہدف*: سبسڈیز صرف غریب اور مستحق لوگوں تک پہنچیں، نہ کہ طاقتور لابیوں تک۔
4. ترقیاتی کام*: تعلیم، ہنرمندی، صحت اور چھوٹے کاروبار پر توجہ دی جائے تاکہ نوجوانوں کو روزگار ملے۔
5. عوام کا کردار*: ذمہ دارانہ ووٹ دیں، احتساب کا مطالبہ کریں اور پرامن طریقے سے حقوق مانگیں۔

پاکستان وسائل سے مالا مال ملک ہے اور اس کی سب سے بڑی طاقت نوجوان آبادی ہے۔ اگر حکمران طبقہ عوام کی فلاح کو ترجیح دے، کرپشن کم کرے اور سادہ زندگی اپنائے تو عوام خود بخود ملک کی ترقی میں حصہ ڈالے گا۔

نوٹ۔ یہ مضمون کسی ایک پارٹی یا شخص کے خلاف نہیں بلکہ نظام کی خامیوں کی طرف اشارہ ہے۔ تبدیلی باتوں سے نہیں بلکہ عملی، شفاف اور مسلسل اصلاحات سے آئے گی۔ صرف اسی صورت میں ایک خوشحال اور متحد پاکستان ممکن ہے جہاں ہر شہری کو انصاف اور موقع ملے۔

ہمسائے نہ بدلیں ان کا ہم سایہ بنیں

وسعت اللہ خان

انیس سو اناسی سے پہلے خلیجی ریاستوں اور ایران کے درمیان ہلکی پھلکی تاریخی رقابت ضرور تھی مگر کوئی بقائی خطرہ محسوس نہیں ہوتا تھا۔ کیونکہ خلیج کے آر پار رہنے والے امریکی کیمپ میں تھے اور شاہ ایران بزعمِ خود اس کیمپ کے داروغہ تھے۔

تاہم ایران میں نظریاتی الٹ پلٹ کے نتیجے میں اس اسٹرٹیجک خیمے کی طنابیں کھل گئیں۔ تب سے خلیج کا سیکورٹی ڈاکٹرائن امریکی سٹرٹیجک ساجھے داری سے منسلک ہے۔ انیس سو اسی کے عشرے میں آٹھ سالہ جنگ خلیج ایران میں تبدیلی کا عمل ریورس کرنے کی پہلی بھرپور مغربی و عرب کوشش تھی۔

انیس سو اکیانوے کی جنگِ کویت کے بعد سے علاقے میں امریکی بیسز کی شکل میں اس اسٹرٹیجی کو ریڑھ کی ہڈی مل گئی۔ یہ حکمت عملی نہ صرف ایرانی عزائم کے خلاف انشورنس پالیسی سمجھی گئی بلکہ خلیجی ریاستوں کی آپسی رقابتوں کو پسِ پشت ڈالنے کی خاطر بھی مشترکہ دفاع کی صورت میں ایک مقصد مل گیا اور یہ امید بھی بندھ گئی کہ ایک نہ ایک دن ایران سے مشترکہ دشمنی اسرائیل عرب تعاون کی راہ بھی کھول دے گی۔ یوں امریکا کا علاقائی بوجھ بٹ جائے گا۔

مگر گذرے اٹھائیس فروری کے بعد سے علاقے کے حالات نے ایسی اچانک کروٹ لی ہے کہ اب یہ احساس ابھر رہا ہے کہ تمام انڈے ایک ہی توقعاتی ٹوکری میں رکھنے کا صدمہ جاں گسل بھی ہو سکتا ہے۔ جنگ شروع ہونے سے پہلے خلیجی ریاستوں نے وائٹ ہاؤس جا کر صدر ٹرمپ اور ان کی ٹیم کو بالمشافہ سمجھانے کی کوشش کی کہ کسی ممکنہ ایران امریکا اسرائیل جنگ کی صورت میں خلیج کا معاشی و جغرافیائی مستقبل بگڑ سکتا ہے اور یہ معاملہ محض خلیج تک محدود نہیں رہے گا بلکہ عالمی معیشت پر بھی بری طرح اثر انداز ہوگا۔

مگر ٹرمپ انتظامیہ نے آخری فیصلہ اسرائیلی بریفنگ کی روشنی میں ہی کیا اور اپنے خلیجی اتحادیوں کو عملاً اس مہم جوئی کے نتائج بھگتنے کے لیے چھوڑ دیا۔

ٹیم ٹرمپ نے اس معرکے میں جس طرح اسرائیلی مفادات کو ترجیح دی اور خلیج کی اتحادی ریاستوں اور ان کے اسٹرٹیجک مفادات کو جس کھردرے انداز میں نکارا۔ یہ تجربہ امارات کو چھوڑ کے ہر خلیجی اتحادی کے لیے چشم کشا ہے۔ اب جب کہ ٹرمپ انتظامیہ ایران کے ساتھ کسی جامع سمجھوتے کی جانب بڑھتی نظر آ رہی ہے۔ خلیج کے سیکیورٹی حلقوں کو سنجیدہ خدشہ ہے کہ ایسے کسی بھی معاہدے میں ان کی سلامتی اور تزویراتی مفادات کو اسرائیل کے علاقائی مفادات کے بعد ہی رکھا جائے گا۔

خلیجی ریاستوں نے گذشتہ چار عشروں میں بالخصوص امریکا کی حمائیت برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن تعاون کیا۔ غیر مشروط اڈوں اور دیگر سہولتوں کے ساتھ ساتھ امریکی تعمیراتی، انرجی اور ٹیک کمپنیوں کی سرمایہ کاری کو بلا روک ٹوک خوش آمدید کہا۔

خلیج تعاون کونسل کے ارکان کی امریکا سے سالانہ تجارت کا حجم دو ہزار چوبیس میں ایک سو بیس بلین ڈالر سے زائد رہا۔ خلیجی ریاستوں کا بنیادی ہدف یہ ہے کہ قومی آمدنی کے لیے محض تیل اور گیس پر انحصار نہ کیا جائے بلکہ ایسا متبادل صنعتی و خدماتی ڈھانچہ استوار کیا جائے جو بعد از تیل و گیس بھی معاشی طور پر کار آمد رہے۔

جرائم کا ایک اہم پہلو

محمد سعید ارائیں

ملک بھر میں لاقانونیت، غیر ذمے داری، رشوت ستانی، بہیمانہ قتل، مظالم و بربریت کی وارداتیں ہورہی ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں تو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ان صوبوں میں جرائم کی شرح معلوم کرنے کا پیمانہ کیا ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔ سندھ اور پنجاب میں بھی جرائم کی بھرمار ہے۔

سندھ اور پنجاب کے شہری لاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافے کی ایک وجہ افغان مہاجرین کی آبادیاں ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان وخیبر پختونخوا کے قبائلی باشندے بھی قبیلے یا برداری کو قوم سمجھتے ہیں اور شہری علاقوں میں مدتوں بعد تک ایڈجسٹ نہیں ہو پاتے ہیں۔ قبیلے کے نام پر جھتے بندی کر کے خود کو قانون کی گرفت سے بچاتے ہیں جس کی وجہ سے شہری علاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔ ادھر اندرون سندھ محکمہ پولیس کی تعیناتیوں میں سفارش کا کلچر بہت عام ہے۔

وڈیروں اور گدی نشینوں کی منظوری کے بغیر کوئی تعیناتی نہیں ہوسکتی۔ خیبر پختونخوا میں تو پولیس کو اختیارات ہی نہیں دیے جاتے۔ سابقہ فاٹا کے اضلاع میں پولیس تھانے تک قائم نہیں ہوسکے ہیں۔ ان علاقوں کے لوگ کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں قطار اندر قطار آرہے ہیں لیکن متعلقہ صوبے کے حکومت کو اس حوالے سے کوئی فکر نہیں ہے۔

ادھر اندرون سندھ اور خاص کر کراچی میں پولیس فائرنگ میں اکثر مجرم مارے جاتے ہیں، یہ لوگ راہ زنی کی وارداتوں میں ملوث ہوتے ہیں، بعض اوقات پتہ چلتا ہے کہ کراس فائرنگ کے دوران کوئی بے گناہ راہ گیر بھی مارا گیا ہے۔ ذمے دار پولیس اہلکاروں کی طرف سے جواز پیش کیا جاتا ہے کہ مذکورہ افراد کو رکنے کا کہا گیا وہ رکے نہیں اور فرار ہونے لگے تھے یا ان کی طرف سے پولیس پر فائرنگ کی گئی تھی جس کے جواب میں پولیس نے بھی فائرنگ کی تھی جس کی وجہ سے ہلاکت کا واقعہ پیش آیا۔ اس قسم کے واقعات پنجاب وسندھ اور خاص طور پر کراچی میں زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ ان شہروں میں بیروں شہر سے آئے سے ہوئی لوگ اکثر وارداتوں میں ملوث پائے جارہے ہیں۔

کراچی میں لیاری گینگ وار کا سب کو پتہ ہے لیکن اب راولپنڈی اور اسلام آباد جیسے پرامن شہروں میں بھی جرائم کی شرح بلند ہورہی ہے، اس کی وجہ بھی ان شہروں میں بڑھتا ہوا آبادی کا دباؤ، افغان مہاجرین اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے، وہ لوگ ہیں جو یہاں جرائم کر کے اپنے دور دراز علاقوں میں روپوش ہوتے ہیں اور ان علاقوں میں پولیس کی رٹ نہیں ہوتی۔ یوں یہ لوگ قانون کی گرفت کی بچے رہتے ہیں۔

ایسے مقدمات میں اکثر مجرم یا ملزم پکڑے نہیں جاتے ہیں۔ محفوظ علاقوں میں پناہ لینے والے ملزمان کے لواحقین جو شہروں میں رہ رہے ہوتے ہیں، وہ پولیس کو کہتے ہیں کہ ہم تو بے گناہ ہیں، ہمارا ملزموں کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ہمیں پتہ ہے کہ وہ کہاں ہیں، اگر پولیس ان گرفتار کرے تو جتھ بن کر آجاتے ہیں، ان کے علاقوں کے رکن اسمبلی بھی ساتھ ہوتے ہیں، معاملے کو صوبائیت، لسانیت کی شکل دیتے ہیں اور انتظامیہ اور پولیس کو بلیک میل کرتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہ متاثرہ فریق کو کسی نہ کسی طریقے سے صلح پر تیار کرتے ہیں، جب معاملات طے ہوجاتے ہیں تو ملزمان واپس آجاتے ہیں۔ کراچی اور ملک بھر میں ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔

ملک بھر میں لاقانونیت، غیر ذمے داری، رشوت ستانی، بہیمانہ قتل، مظالم و بربریت کی وارداتیں ہورہی ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں تو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ان صوبوں میں جرائم کی شرح معلوم کرنے کا پیمانہ کیا ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔ سندھ اور پنجاب میں بھی جرائم کی بھرمار ہے۔

سندھ اور پنجاب کے شہری لاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافے کی ایک وجہ افغان مہاجرین کی آبادیاں ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان وخیبر پختونخوا کے قبائلی باشندے بھی قبیلے یا برداری کو قوم سمجھتے ہیں اور شہری علاقوں میں مدتوں بعد تک ایڈجسٹ نہیں ہو پاتے ہیں۔ قبیلے کے نام پر جھتے بندی کر کے خود کو قانون کی گرفت سے بچاتے ہیں جس کی وجہ سے شہری علاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔ ادھر اندرون سندھ محکمہ پولیس کی تعیناتیوں میں سفارش کا کلچر بہت عام ہے۔

وڈیروں اور گدی نشینوں کی منظوری کے بغیر کوئی تعیناتی نہیں ہوسکتی۔ خیبر پختونخوا میں تو پولیس کو اختیارات ہی نہیں دیے جاتے۔ سابقہ فاٹا کے اضلاع میں پولیس تھانے تک قائم نہیں ہوسکے ہیں۔ ان علاقوں کے لوگ کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں قطار اندر قطار آرہے ہیں لیکن متعلقہ صوبے کے حکومت کو اس حوالے سے کوئی فکر نہیں ہے۔

ادھر اندرون سندھ اور خاص کر کراچی میں پولیس فائرنگ میں اکثر مجرم مارے جاتے ہیں، یہ لوگ راہ زنی کی وارداتوں میں ملوث ہوتے ہیں، بعض اوقات پتہ چلتا ہے کہ کراس فائرنگ کے دوران کوئی بے گناہ راہ گیر بھی مارا گیا ہے۔ ذمے دار پولیس اہلکاروں کی طرف سے جواز پیش کیا جاتا ہے کہ مذکورہ افراد کو رکنے کا کہا گیا وہ رکے نہیں اور فرار ہونے لگے تھے یا ان کی طرف سے پولیس پر فائرنگ کی گئی تھی جس کے جواب میں پولیس نے بھی فائرنگ کی تھی جس کی وجہ سے ہلاکت کا واقعہ پیش آیا۔ اس قسم کے واقعات پنجاب وسندھ اور خاص طور پر کراچی میں زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ ان شہروں میں بیروں شہر سے آئے سے ہوئی لوگ اکثر وارداتوں میں ملوث پائے جارہے ہیں۔

کراچی میں لیاری گینگ وار کا سب کو پتہ ہے لیکن اب راولپنڈی اور اسلام آباد جیسے پرامن شہروں میں بھی جرائم کی شرح بلند ہورہی ہے، اس کی وجہ بھی ان شہروں میں بڑھتا ہوا آبادی کا دباؤ، افغان مہاجرین اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے، وہ لوگ ہیں جو یہاں جرائم کر کے اپنے دور دراز علاقوں میں روپوش ہوتے ہیں اور ان علاقوں میں پولیس کی رٹ نہیں ہوتی۔ یوں یہ لوگ قانون کی گرفت کی بچے رہتے ہیں۔

ایسے مقدمات میں اکثر مجرم یا ملزم پکڑے نہیں جاتے ہیں۔ محفوظ علاقوں میں پناہ لینے والے ملزمان کے لواحقین جو شہروں میں رہ رہے ہوتے ہیں، وہ پولیس کو کہتے ہیں کہ ہم تو بے گناہ ہیں، ہمارا ملزموں کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ہمیں پتہ ہے کہ وہ کہاں ہیں، اگر پولیس ان گرفتار کرے تو جتھ بن کر آجاتے ہیں، ان کے علاقوں کے رکن اسمبلی بھی ساتھ ہوتے ہیں، معاملے کو صوبائیت، لسانیت کی شکل دیتے ہیں اور انتظامیہ اور پولیس کو بلیک میل کرتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہ متاثرہ فریق کو کسی نہ کسی طریقے سے صلح پر تیار کرتے ہیں، جب معاملات طے ہوجاتے ہیں تو ملزمان واپس آجاتے ہیں۔ کراچی اور ملک بھر میں ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔

ملک بھر میں لاقانونیت، غیر ذمے داری، رشوت ستانی، بہیمانہ قتل، مظالم و بربریت کی وارداتیں ہورہی ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں تو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ان صوبوں میں جرائم کی شرح معلوم کرنے کا پیمانہ کیا ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔ سندھ اور پنجاب میں بھی جرائم کی بھرمار ہے۔

سندھ اور پنجاب کے شہری لاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافے کی ایک وجہ افغان مہاجرین کی آبادیاں ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان وخیبر پختونخوا کے قبائلی باشندے بھی قبیلے یا برداری کو قوم سمجھتے ہیں اور شہری علاقوں میں مدتوں بعد تک ایڈجسٹ نہیں ہو پاتے ہیں۔ قبیلے کے نام پر جھتے بندی کر کے خود کو قانون کی گرفت سے بچاتے ہیں جس کی وجہ سے شہری علاقوں میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔ ادھر اندرون سندھ محکمہ پولیس کی تعیناتیوں میں سفارش کا کلچر بہت عام ہے۔

وڈیروں اور گدی نشینوں کی منظوری کے بغیر کوئی تعیناتی نہیں ہوسکتی۔ خیبر پختونخوا میں تو پولیس کو اختیارات ہی نہیں دیے جاتے۔ سابقہ فاٹا کے اضلاع میں پولیس تھانے تک قائم نہیں ہوسکے ہیں۔ ان علاقوں کے لوگ کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں قطار اندر قطار آرہے ہیں لیکن متعلقہ صوبے کے حکومت کو اس حوالے سے کوئی فکر نہیں ہے۔

ادھر اندرون سندھ اور خاص کر کراچی میں پولیس فائرنگ میں اکثر مجرم مارے جاتے ہیں، یہ لوگ راہ زنی کی وارداتوں میں ملوث ہوتے ہیں، بعض اوقات پتہ چلتا ہے کہ کراس فائرنگ کے دوران کوئی بے گناہ راہ گیر بھی مارا گیا ہے۔ ذمے دار پولیس اہلکاروں کی طرف سے جواز پیش کیا جاتا ہے کہ مذکورہ افراد کو رکنے کا کہا گیا وہ رکے نہیں اور فرار ہونے لگے تھے یا ان کی طرف سے پولیس پر فائرنگ کی گئی تھی جس کے جواب میں پولیس نے بھی فائرنگ کی تھی جس کی وجہ سے ہلاکت کا واقعہ پیش آیا۔ اس قسم کے واقعات پنجاب وسندھ اور خاص طور پر کراچی میں زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ ان شہروں میں بیروں شہر سے آئے سے ہوئی لوگ اکثر وارداتوں میں ملوث پائے جارہے ہیں۔

کراچی میں لیاری گینگ وار کا سب کو پتہ ہے لیکن اب راولپنڈی اور اسلام آباد جیسے پرامن شہروں میں بھی جرائم کی شرح بلند ہورہی ہے، اس کی وجہ بھی ان شہروں میں بڑھتا ہوا آبادی کا دباؤ، افغان مہاجرین اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے، وہ لوگ ہیں جو یہاں جرائم کر کے اپنے دور دراز علاقوں میں روپوش ہوتے ہیں اور ان علاقوں میں پولیس کی رٹ نہیں ہوتی۔ یوں یہ لوگ قانون کی گرفت کی بچے رہتے ہیں۔

ایسے مقدمات میں اکثر مجرم یا ملزم پکڑے نہیں جاتے ہیں۔ محفوظ علاقوں میں پناہ لینے والے ملزمان کے لواحقین جو شہروں میں رہ رہے ہوتے ہیں، وہ پولیس کو کہتے ہیں کہ ہم تو بے گناہ ہیں، ہمارا ملزموں کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ہمیں پتہ ہے کہ وہ کہاں ہیں، اگر پولیس ان گرفتار کرے تو جتھ بن کر آجاتے ہیں، ان کے علاقوں کے رکن اسمبلی بھی ساتھ ہوتے ہیں، معاملے کو صوبائیت، لسانیت کی شکل دیتے ہیں اور انتظامیہ اور پولیس کو بلیک میل کرتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہ متاثرہ فریق کو کسی نہ کسی طریقے سے صلح پر تیار کرتے ہیں

10 مئی کا سبق!

ایم جے گوہر

پاک فوج کے ترجمان نے نیوی اور فضائیہ کے سربراہان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج ایک سال پہلے بھی دفاع کے لیے تیار تھی اور آج بھی تیار ہے، معرکہ حق میں ہم نے اپنی مجموعی قوت کی صرف 10 سے 15 فی صد جھلک دکھائی تھی، ہم نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا اور جنگ کا زاویہ بدل دیا، ہم نے اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو شکست دی اور پہلگام کے بعد دہشت گردی کا بھارتی بیانیہ ہمیشہ کے لیے دفن ہوگیا۔

ڈی جی آئی ایس پی آر کا مزید کہنا تھا کہ آج پہلگام واقعے کو ایک سال مکمل ہوگیا، بھارت پاکستان کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت پیش نہ کرسکا۔ پاکستان نے جو سوالات اٹھائے وہ آج بھی جوں کے توں موجود ہیں۔ ان کے جواب کون دے گا؟ آج عالمی برادری بھی یہی سوال کر رہی ہے کہ پہلگام واقعے کے پیچھے کون تھا اور اس کا کیا مقصد تھا؟ پاکستان کے علاوہ بھارت کے اندر بھی باشعور حلقے بھی ان سوالات کا جواب مانگ رہے ہیں۔

ترجمان پاک فوج نے واضح طور پر کہا کہ کشمیر بھارت کا اندرونی معاملہ نہیں بلکہ عالمی سطح پر تسلیم شدہ حل طلب معاملہ ہے اور کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادیں موجود ہیں، بھارت اپنے ملک میں اقلیتوں اور مقبوضہ کشمیر میں بے گناہ کشمیریوں کے حقوق پامال کرتا اور ان پر ظلم ڈھاتا ہے۔ مذکورہ پریس کانفرنس سے پاک فضائیہ کے ایئر وائس مارشل کا کہنا تھا کہ ہم نے آپریشن بنیان المرصوص میں بھارت کے 8 طیارے گرائے جن میں 4 رافیل طیارے بھی شامل ہیں۔ بھارت کے ساتھ گزشتہ سال معرکہ حق کی شاندار فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر پورے ملک میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں پوری قوم نے جوش و خروش سے حصہ لیا۔

10 مئی 2025 بھارت کے خلاف پاکستان کی فتح کا تاریخی دن تھا۔ اس نسبت سے مرکزی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس سے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے خطاب کیا۔ پہلگام مقبوضہ کشمیر میں مسلح اکثریتی علاقے میں واقع ایک خوب صورت تفریحی مقام ہے یہاں ہر سال ہزاروں سیاح آتے ہیں۔ گزشتہ سال 22 اپریل کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 26 افراد ہلاک ہوگئے تھے جن میں ایک دو غیر ملکی سیاح بھی شامل تھے۔ بھارت کی مودی سرکار نے بغیر کسی تحقیق اور ٹھوس ثبوت کے دہشت گردی کے اس واقعے کا الزام پاکستان پر دھر دیا۔ نتیجتاً دونوں ملکوں کے درمیان یکدم کشیدگی میں اضافہ ہوگیا۔

بھارت نے فوری طور پر واہگہ بارڈر بند کرنے، پاکستانی شہریوں کو 48 گھنٹے میں بھارت چھوڑنے اور سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا اعلان کردیا۔ مودی سرکار نے "آپریشن سندور" کے نام سے پہلگام واقعے کو جواز بناتے ہوئے پاکستان پر حملہ کردیا۔ دشمن اس گھمنڈ اور خوش فہمی میں مبتلا تھا کہ وہ 1971 کی طرح پاکستان کو مزید ٹکڑوں میں تقسیم کر دے گا۔ محض چار روز کے اندر ہی بھارت کا غرور خاک میں مل گیا۔ پاکستان ایئر فورس کے شاہینوں نے بھارتی فضائیہ کو ایسی قلابازیاں کھلائیں کہ وہ خاک چاٹتے زمیں بوس ہو کر شعلوں کی لپیٹ میں جل کر خاک ہوگئے۔

پاک فضائیہ کے ہوا بازوں نے بھارت کے 4 رافیل طیارے اور ایس یو 30، مگ 29 اور میراج 2000 ملا کر کل 8 طیاروں کو ایسی خاک چٹائی کہ پوری دنیا میں پاک فضائیہ کی فضائی بادشاہت کا سکہ بیٹھ گیا۔ بھارت کو اپنی ساکھ بچانے کے لیے امریکی صدر ٹرمپ کی منت سماجت کرنا پڑی۔ امریکا کی مداخلت سے پاک بھارت جنگ بندی ممکن ہوئی۔

مبصرین اور تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ بھارت شکست کا بدلہ لینے کے لیے پاکستان کے خلاف دوبارہ جارحیت کا ارتکاب کرسکتا ہے۔ اسی حوالے سے پاک فوج کے ترجمان نے بھارت پر واضح کر دیا ہے کہ ابھی ہم نے اپنی قوت کا دس فی صد دکھایا، 90 فی صد باقی ہے، اگر بھارت نے دوبارہ میلی آنکھ سے پاکستان کی طرف دیکھا تو پہلے سے زیادہ سخت جواب ملے گا۔ انھوں نے اعلان کیا کہ 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر عظیم الشان پریڈ ہوگی جس میں پاک فوج عوام کو اپنی چھوٹی سی جھلک دکھائے گی۔

انھوں نے درست کہا کہ پہلگام سانحے کے حوالے سے عالمی برادری جو سوالات پوچھ رہی ہے مودی سرکار نے آج تک ان کا کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ہی کوئی ثبوت پیش کرسکا۔ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے انھوں نے پاکستان کے دیرینہ موقف کا اعادہ کرتے ہوئے واضح طور پر کہا کہ کشمیر عالمی سطح پر تصفیہ طلب مسئلہ ہے اور عالمی ادارے اقوام متحدہ کی قراردادیں اس کے حل کی ضامن ہیں، جن کے تحت بھارت کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دینے کا پابند ہے، لیکن افسوس کہ بھارت دھڑلے کے ساتھ عالمی اداروں کی قراردادوں کو پامال کر رہا ہے۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ بھی تاحال معطل کر رکھا ہے جو اس کی کھلی بدمعاشی ہے۔ بھارت شکست کی بوکھلاہٹ میں مبتلا اب افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کر رہا ہے۔ پاک فوج آپریشن "غضب للحق" کے ذریعے اسے وہاں بھی عبرت ناک شکست دے گی۔ بھارت کو 10 مئی کا سبق یاد رکھنا چاہیے ورنہ معرکہ حق کی دوسری قسط اس کی رہی سہی عزت بھی خاک میں ملا دے گی۔

تنزانیہ، نوآبادیاتی نوحہ: جب بیلٹ باکس تابوت بن جائے

شیخ جابر

نیروبی کی مضافاتی بستیوں میں جب شام ڈھلتی ہے تو فضا میں صرف کینیا کی مشہور کافی کی خوشبو نہیں ہوتی، بلکہ وہاں بارود کی بو اور جلے ہوئی ٹائروں کا دھواں ایک ایسی کہانی سناتا ہے جسے سرکاری گزٹ ہمیشہ سنسر کر دیتے ہیں۔ اکیس سالہ "کایوڈے" ایک خستہ حال بینچ پر بیٹھا اپنی اُن انگلیوں کو دیکھ رہا ہے جن پر نیلے رنگ کا نشان اب بھی مدہم سا باقی ہے۔

یہ نشان اس "جمہوری حق" کی گواہی تھا جو اس نے چند ماہ قبل استعمال کیا تھا۔ "کایوڈے" کے جسم پر پولیس کی لاٹھیوں کے نشانات ابھی تازہ ہیں، مگر اس سے زیادہ گہرا زخم اس کے شعور پر لگا ہے۔ ریڈیو پر ایک پر اعتماد نسوانی آواز گونج رہی ہے۔ تنزانیہ کی صدر "سامیہ صُلحو" کینیا کے صدر "ولیم روتو" کے پہلو میں بیٹھی، "کایوڈے" اور اس کی نسل کو "بدتمیز بچے" اور "شرپسند" قرار دے رہی ہیں۔

یہ محض ایک سیاسی بیان نہیں تھا، یہ اس "سماجی معاہدے" کی موت کا اعلان تھا جس کی بنیاد پر جدید ریاست کا تصور کھڑا ہے۔ کایوڈے نے سوچا، "اگر میرا ووٹ مجھے 'بدمعاش' بناتا ہے، تو پھر وہ 98 فی صد کیا ہے جس کا جشن پڑوسی ملک میں منایا جا رہا ہے؟"

تنزانیہ کی تاریخ "جولیئس نیئریرے" کے خوابوں سے شروع ہوئی تھی، جہاں "اُجاما" کے نام پر افریقی سوشلزم کا علم بلند کیا گیا۔ مگر وقت کے بے رحم پہیے نے ثابت کیا کہ جب ریاست کے پاس لامحدود طاقت آ جائے تو وہ "اخوت" کو 'اطاعت' میں بدلنے میں دیر نہیں لگاتی۔ 'جان میگوفولی' کے دور میں جس جبر نے جنم لیا، اسے "بلڈوزر" کا نام دیا گیا۔ لیکن مئی 2026 میں "سامیہ صُلحو" کے دورِ اقتدار نے اس جبر کو ایک نئی 'جمہوری وردی' پہنا دی ہے۔

اعداد و شمار کی دنیا میں 98 فی صد کا ہندسہ ایک معجزہ ہوتا ہے، مگر سیاسیات میں یہ "کفن" کی علامت ہے۔ کسی بھی زندہ معاشرے میں جہاں انسان سانس لیتے ہوں، وہاں 98 فی صد اتفاق رائے صرف قبرستان میں ہی ممکن ہے۔ تنزانیہ کے حالیہ انتخابات میں "سامیہ صُلحو" کی یہ "عظیم الشان فتح"، دراصل اپوزیشن لیڈر "تندو لیسو" کی گرفتاری، جبری گمشدگیوں اور ان ہزاروں نوجوانوں کی خاموشی کا نتیجہ ہے جنھیں پولنگ اسٹیشن تک پہنچنے سے پہلے ہی 'نظام کا دشمن' قرار دے دیا گیا تھا۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی تشویش اور بین الاقوامی مبصرین کی تردید کے باوجود، یہ 98 فی صد نتیجہ اس عالمی منڈی میں قبول کرلیا گیا جہاں انسانی حقوق سے زیادہ 'استحکام' کی قیمت لگتی ہے۔

مئی 2026 کا یہ منظر نامہ کہ دو صدور مل کر 'باغی نسل' کو کچلنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں، ایک خطرناک عالمی رجحان کی نشان دہی کرتا ہے۔ کینیا کے صدر ولیم روتو، جو خود کو "ہسلر" یعنی عام آدمی کا نمائندہ کہہ کر اقتدار میں آئے تھے، آج اسی عام آدمی کے خلاف تنزانیہ کی 'انتخابی آمریت' سے راہ نمائی لے رہے ہیں۔

خبر کا تجزیہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ صدر سامیہ کا "روایات" اور "ثقافت" کو ڈھال بنانا دراصل ایک فکری دھوکا ہے۔ جب وہ کہتی ہیں کہ "ہماری جمہوریت کا کوئی فارمولا نہیں"، تو وہ دراصل یہ کہہ رہی ہوتی ہیں کہ ہمیں ہر قسم کی جواب دہی سے استثنا حاصل ہے۔ یہاں "روایت" سے مراد 'بزرگوں کی عزت نہیں'، بلکہ "اقتدار کی پرستش" ہے۔ جب ریاست نوجوانوں کو "اَن رُولی" (بے لگام) کہتی ہے، تو وہ دراصل ان کے اس شعور سے خوفزدہ ہوتی ہے جو ان کے ڈیجیٹل رابطوں اور عالمی معلومات سے کشید کیا گیا ہے۔

یہ صورتِ حال جدید لبرل ڈیموکریسی کے اُس ڈھانچے کو بے نقاب کرتی ہے جسے "منظم رضامندی" کہا جاتا ہے۔ اس نظام میں عوام کو "ووٹ" دینے کی آزادی تو دی جاتی ہے، مگر "انتخاب" کی نہیں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے جلاد خود چُنیں، مگر آپ کو یہ حق حاصل نہیں کہ آپ اس "مقتل" کے خلاف سوال اٹھائیں۔

جدید جمہوریت دراصل ایک ایسا کارخانہ ہے جہاں عوام کی مرضی کو میڈیا، سرمائے اور ریاستی جبر کے ذریعے بُنا جاتا ہے۔ کینیا اور تنزانیہ کا یہ گٹھ جوڑ ثابت کرتا ہے کہ جب سرمایہ دارانہ ڈھانچے کو خطرہ لاحق ہوتا ہے، تو وہ "انسانی حقوق" کا لبادہ اتار کر اپنی اصل شکل یعنی "آمریت" میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ "جین زی" کے نوجوان صرف ٹیکسوں کے خلاف نہیں لڑ رہے، وہ اس 'عالمی اسٹرکچر' کے خلاف لڑ رہے ہیں جو انھیں محض "ہیومن ریسورس" سمجھتا ہے۔

اور یہ المیہ صرف مشرقی افریقا تک محدود نہیں۔ بھارت سے لے کر امریکا تک اور مشرقِ وسطیٰ سے لے کر لاطینی امریکا تک، ہم ایک ایسے عہد میں داخل ہو چکے ہیں جہاں ریاستیں "انتخابی عمل" کو اپنے جبر کے لیے ایک قانونی جواز کے طور پر استعمال کر رہی ہیں۔ یہ ایک ایسی دنیا ہے جہاں:

1۔ قانون صرف طاقتور کے تحفظ کا نام ہے۔
2۔ معیشت صرف قرضوں کے جال میں عوام کو جکڑنے کا فن ہے۔
3۔ امن صرف ان آوازوں کی خاموشی ہے جو عدل کا مطالبہ کرتی ہیں۔

اعداد و شمار کی یہ لکیریں دراصل اس "منظم رضامندی" کے جغرافیے کی حد بندی کرتی ہیں۔ کینیا، جس کا مجموعی قرضہ اس کی جی ڈی پی کے 70 فی صد سے تجاوز کر چکا ہے، اب اپنے نوجوانوں سے "جمہوریت" کا تقاضا نہیں بلکہ "قرض کی قسط" وصول کرنا چاہتا ہے۔ جب مشرقی افریقہ کی 75 فی صد سے زائد آبادی 35 سال سے کم عمر نوجوانوں پر مشتمل ہو، تو صدر سامیہ کا 98 فی صد انتخابی نتیجہ ایک ریاضیاتی تضاد بن جاتا ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ نسل جس کی بے روزگاری کی شرح خطے میں 13 فی صد کی حد عبور کر رہی ہو اور جس کی قوتِ خرید افراطِ زر کے 8 فی صد کے بوجھ تلے دم توڑ چکی ہو، وہ یک زبان ہو کر اسی نظام کو دوام بخشے جو اسے بھوک بانٹ رہا ہے؟

کینیا کے حالیہ احتجاجات میں 60 سے زائد جانوں کا نذرانہ اور تنزانیہ میں اپوزیشن کے سیکڑوں کارکنوں کی جبری نظر بندی اس "انتخابی آمریت" کا وہ تاریک ڈیٹا ہے جسے کوئی سرکاری ایگورتھم چھپا نہیں سکتا۔ عالمی مالیاتی اداروں کا 10 بلین ڈالر سے زائد کا قرضہ وہ بیڑی ہے جو ان قوموں کے پیروں میں پہنائی گئی ہے تاکہ وہ "آزادی" کے نام پر صرف اپنی زنجیروں کا وزن تبدیل کرسکیں۔ جب اعداد سچ بولنے لگیں، تو آمریتیں "روایات" کے پیچھے پناہ لیتی ہیں، مگر یہ حقائق اب تاریخ کے ماتھے پر وہ رقم بن چکے ہیں جسے مٹانا کسی "شاہی ٹھوکر" کے بس میں نہیں۔

صدر سامیہ صلحو کا یہ کہنا کہ وہ احتجاج کرنے والوں کو "ٹھوکر مار کر نکال دیں گی" اس بات کا اعتراف ہے کہ اب ریاست کے پاس کوئی 'اخلاقی دلیل' باقی نہیں رہی۔ جب دلیل ختم ہوتی ہے، تو لاٹھی شروع ہوتی ہے۔ مگر وہ یہ بھول رہی ہیں کہ تاریخ میں کسی بھی "ٹھوکر" نے سیلاب کا راستہ نہیں روکا۔

"کایوڈے" اب بھی اُس ریڈیو کو سن رہا ہے، مگر اُس کی نظریں افق پر جمی ہیں۔ وہ سوچ رہا ہے کہ کیا جمہوریت واقعی وہ روشنی تھی جس کا وعدہ اس کے آباؤ اجداد سے کیا گیا تھا یا یہ صرف اندھیرے کو منظم کرنے کا ایک طریقہ ہے؟

آج کا سب سے بڑا سوال یہ نہیں کہ کس نے کتنے فی صد ووٹ لیے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے جمہوریت کو اس لیے اپنایا تھا کہ وہ ہماری آواز بنے یا اس لیے کہ وہ ہمیں یہ احساس دلائے کہ ہماری غلامی میں ہماری اپنی "رضامندی" شامل ہے؟

جدید جمہوریت وہ مقتل ہے جہاں انسان اپنی مرضی سے چل کر جاتا ہے، صرف اس فریب میں کہ اس بار چھری کا رنگ اس کی اپنی پسند کا ہوگا۔

تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمار علی
powerofpakistannewsagency.online

اسپیشل ایڈیشن
SPECIAL EDITION

گجرات پولیس کا بڑا اعزاز

ڈی پی اُو گجرات اختر فاروق کو صدر پاکستان کی طرف سے
خدمات عامہ کے شعبے میں ستارہ امتیاز سے نوازا گیا

مرزا احمار علی
+923127280196
چیف ایڈیٹر:-
روزنامہ پاور آف پاکستان

گجرات پولیس کے لیے ایک اور تاریخی اور سنہری اعزاز قوم کے محافظ کو قوم کا اعلیٰ ترین خراجِ تحسین ڈی پی او گجرات اختر فاروق کو صدرِ پاکستان کی جانب سے خدماتِ عامہ کے شعبے میں "ستارۂ امتیاز" جیسے اعلیٰ سول اعزاز سے نواز دیا گیا۔ یہ اعزاز ان کی ملک وقوم کے لیے بے مثال خدمات، دہشت گردی کے خلاف تاریخی کامیابیوں، غیر معمولی قیادت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اعتراف میں دیا گیا۔ گورنر پنجاب نے گورنر ہاؤس لاہور میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران یہ اعزاز ان کے سینے پر سجایا، جہاں اعلیٰ سول وعسکری شخصیات بھی موجود تھیں۔ اختر فاروق کا شمار پاکستان پولیس کے ان بہادر، نڈر اور قابل افسران میں کیا جاتا ہے جنہوں نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر ملک میں امن کے قیام اور دہشت گرد عناصر کے خاتمے کے لیے دن رات کام کیا۔ ان کی پیشہ ورانہ مہارت، جدید حکمت عملی اور مضبوط قیادت نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے وقار میں اضافہ کیا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نئی تاریخ رقم کی۔ انہوں نے سی ٹی ڈی میں اپنی خدمات کے دوران آپریشنز، انٹیلی جنس اور انویسٹی گیشن ونگز کو ایک مربوط اور مؤثر فورس میں تبدیل کیا، جس کے نتیجے میں دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ اختر فاروق کی قیادت میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر کئی بڑے دہشت گرد نیٹ ورکس کو بے نقاب کیا گیا اور ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیے گئے۔ خصوصاً پشاور میں مسلسل آٹھ ماہ تک جاری رہنے والی انٹیلی جنس کارروائیوں کے دوران کالعدم تحریک کے ایک انتہائی خطرناک نیٹ ورک کو ٹریس کر کے ختم کیا گیا، جو ملک میں بڑے پیمانے پر دہشت گردی پھیلانے کی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ ان کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے متعدد سہولت کار گرفتار کیے گئے جبکہ کئی حساس مقامات کو ممکنہ تباہی سے بچایا گیا۔ اسی طرح اختر فاروق کی نگرانی میں کی جانے والی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں ایک خودکش بمبار اور اس کے اہم سہولت کار کو گرفتار کیا گیا، جس سے ملک میں ممکنہ بڑے سانحے کو بروقت روک لیا گیا۔ لاہور سمیت دیگر اہم شہروں میں دہشت گرد حملوں کے متعدد منصوبے ناکام بنائے گئے، جس پر نہ صرف عوام بلکہ ملکی سلامتی کے اداروں نے بھی ان کی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ یہ اعزاز صرف اختر فاروق کی ذاتی کامیابی نہیں بلکہ پوری گجرات پولیس، پنجاب پولیس اور پاکستان کے لیے فخر کا لمحہ ہے۔ ایسے افسران قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں جو اپنی جرات، دیانتداری اور فرض شناسی سے نہ صرف اداروں کا نام روشن کرتے ہیں بلکہ عوام کے دلوں میں بھی عزت پیدا کرتے ہیں۔ عوامی وسماجی حلقوں نے ڈی پی او گجرات اختر فاروق کو ستارۂ امتیاز ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز حق دار کو ملا ہے اور ایسے بہادر افسران نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ ان کی خدمات ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی۔ پاکستان کے امن، ترقی اور استحکام کے لیے خدمات انجام دینے والے تمام بہادر سپوتوں کو سلام

پاکستان زندہ باد پنجاب پولیس پائندہ باد

تحریر وترتیب مرزا احمار علی

زمبابوے کیخلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن ٹیم کیلئے بڑی اہم ہے، وہاب ریاض

کھلاڑیوں کو لیگ کیلئے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا، انٹرویو

لاہور(سپورٹس نیوز) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے مینٹور وہاب ریاض نے کہا ہے کہ زمبابوے کے خلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے لیے بڑی اہم ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ویمن ٹی 20 لیگ شروع کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ کھلاڑیوں کو لیگ کے لیے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم کے خلاف سیریز بڑی اہمیت کی حامل ہے، آئی سی سی چیمپئن شپ کا حصہ ہونے کی وجہ سے ون ڈے سیریز سے رینکنگ پوائنٹس ملیں گے جبکہ ٹی20 سیریز سے ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاری کا موقع ملے گا۔ وہاب ریاض نے کہا کہ انگلینڈ میں ہونے والے ٹی20 ورلڈکپ کے سخت گروپ کا نہیں سوچنا چاہیے، بس اپنے اوپر یقین ہونا چاہیے، ٹی 20 ایسا فارمیٹ ہے کہ اس میں کوئی بھی ٹیم کسی کو بھی ہرا سکتی ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کی فٹنس اور فیلڈنگ ہمارے لیے فکر مندی والے شعبے ہیں، اسی وجہ سے سب سے زیادہ ان پر فوکس کیا ہے، پہلے کراچی اور پھر لاہور میں کیمپس لگائے اور ان پر کام کیا ہے، کھلاڑیوں کی کارکردگی میں جو بہتری نظر آئی ہے اس کی وجہ فٹنس کا بہتر ہونا ہے، اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو ذہنی طور پر مضبوط کررہے ہیں، کھیل کے بارے میں آگاہی کی بھی کمی ہے، اس پر بھی مسلسل کام کیا جا رہا ہے۔ وہاب ریاض نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کو مین کرکٹرز کے مقابلے میں کم میچز ملتے ہیں، ایکسپوژر کی کمی ہے، اسی لیے انٹرنیشنل کرکٹ جب کھیلتی ہیں تو کم میچز کے تجربے کی وجہ سے فیصلے نہیں کر پاتیں، کھلاڑیوں کو اپنے اوپر یقین نہیں ہوتا کہ وہ یہ کر پائیں گی یا نہیں۔ واضح رہے کہ زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان کا دورہ کررہی ہے، سیریز کا پہلا ون ڈے میچ 4 مئی کو کھیلا جائے گا۔

پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے، آسٹریلوی کرکٹر

ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیدیا

کراچی(این این آئی)ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ہمیشہ سے پاکستان سپر لیگ کھیلنے کی خواہش رہی ہے اس بار آسٹریلوی کرکٹرز کی بڑی تعداد پی ایس ایل میں ایکشن میں ہے پاکستان کی کنڈیشنز میں کھیلنے کا تجربہ بالکل مختلف ہوگا۔ جاش فلپی نے کہا کہ بابر اعظم سے بگ بیش لیگ میں ملاقات ہوچکی ہے وہ بہترین کھلاڑی ہیں ان سے لیگ کے بارے میں گفتگو ہوئی، آن اینڈ آف تمام کھلاڑیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے کھلاڑی کارکردگی دکھانے کے لیے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔ جاش فلپی نے کہا کہ ابھی تک پی ایس ایل کی دیگر ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع نہیں ملا۔

پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا

پشاور میں منعقدہ 61 ویں نیشنل چیمپئن شپ 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ دکھایا

لاہور(این این آئی) پشاور میں منعقدہ 61 ویں نیشنل چیمپئن شپ 2026 میں پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ اس قومی ایونٹ میں آرمی، واپڈا، ایف آئی اے اور پاکستان ریلویز سمیت ملک بھر کی مختلف ٹیموں نے شرکت کی، جہاں پاکستان پولیس کی خواتین کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے پاکستان پولیس خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم کو میڈل جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پاکستان پولیس کی خواتین کھلاڑیوں نے اپنی محنت اور لگن سے محکمے کا نام روشن کیا ہے، قومی اور بین الاقوامی سطح پر میڈلز جیتنے والے کھلاڑی محکمے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی جاری رکھی جائے گی۔ ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد اور چیف سپورٹس آفیسر ڈی آئی جی اطہر اسماعیل امجد نے بھی فاتح کھلاڑیوں کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں

کراؤڈ کو پی ایس ایل میں لانے کی پوری کوشش کرینگے، محسن نقوی

موجودہ حالات میں پی ایس ایل کروانا بڑی بات ہے، سیکیورٹی فورسز کو پی ایس ایل کی کامیابی کا کریڈٹ جاتا ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی(سپورٹس نیوز) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں کراؤڈ سے متعلق کہا ہے کہ اس حوالے سے وزیراعظم سے بات کروں گا، کراؤڈ کو لانے کی پوری کوشش کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ کافی دنوں بعد فرنچائز کے نمائندگان سے ملاقات ہوئی۔ جب ان سے ایونٹ میں کراؤڈ کی عدم موجودگی کا سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ کراؤڈ سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف سے دوبارہ بات کروں گا، ہمیں دیکھنا ہوگا دنیا میں کیا کرائسس چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پی ایس ایل کروانا بڑی بات ہے، سیکیورٹی فورسز کو پی ایس ایل کی کامیابی کا کریڈٹ جاتا ہے۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ کراؤڈ کو پی ایس ایل میں لانے کی پوری کوشش کریں گے، فرنچائزز کو گیٹ منی کا پیسہ ملے گا، پی سی بی گیٹ منی کے اخراجات اٹھائے گا۔ محسن نقوی نے خطے کی صورتحال اور ایران امریکا کے درمیان پاکستان کے ثالثی کے کردار پر کہا کہ امن قائم کرنے کی کوشش ہے۔ وزیراعظم، فیلڈ مارشل سب امن چاہتے ہیں۔ بھارت میں پیٹرولیم مصنوعات کی صورتحال پر محسن نقوی نے کہا کہ بھارت میں پیٹرول پمپس پر لمبی قطاریں لگی ہوئی ہیں، بھارت میں پیٹرول کی قلت ہے۔ پاکستان میں پیٹرول کی قلت نہیں ہے۔ کراچی اسٹیڈیم میں تزئین و آرائش پر بات کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ نیشنل بینک کرکٹ ارینا میں تبدیلیوں کو دیکھ رہے ہیں، یہ اسٹیڈیم توڑ کر دوبارہ بنانے کا ارادہ ہے۔ چیئرمین آئی سی سی سے متعلق افواہوں پر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مجھ پر اور بھی کافی ذمہ داریاں ہیں۔ چیئرمین آئی سی سی سے متعلق افواہوں پر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مجھ پر اور بھی کافی ذمہ داریاں ہیں۔

☆☆☆☆

PESHAWAR
ZALMI
KHPAL TEAM

آصف محمود کا دوبارہ پاکستان کیلئے کھیلنے سے متعلق ذومعنی جواب

کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں، سوال...... مسکراتے ہوئے کوئی جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی

کراچی(سپورٹس نیوز) پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن میں حیدرآباد کنگزمن کے فاسٹ بولر آصف محمود نے قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر ذومعنی انداز میں جواب دیا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف شاندار کارکردگی دکھانے والے آصف محمود سے 'پچ سائیڈ پوسٹ میچ شو کے دوران ثناء میر نے پاکستان انڈر19 کے تجربے کی یاد دہانی کراتے ہوئے پوچھا کہ کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں۔ قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر آصف محمود نے مسکراتے ہوئے کوئی جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی۔ سابق کپتان ثناء میر اور میزبان زینب عباس نے بھی اس ردعمل کو دانشمندانہ قرار دیا اور کہا کہ ایسے مواقع پر خاموشی بھی بہت کچھ بیان کر دیتی ہے۔ ثناء میر نے کہا کہ عثمان خان نے جب سنچری کی تھی تو ہم نے ان سے بھی یہ سوال کیا تھا اور ان کا جواب بھی بالکل ایسا ہی تھا۔

پی ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے، ڈیون کونوے

پاکستان میں وقت بہت شاندار گزرا، کھانا بہترین ہے، لوگ بہترین ہیں اور ہوٹل بھی شاندار ہیں، اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی کی گفتگو

اسلام آباد(سپورٹس نیوز) ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرنے والے نیوزی لینڈ کے کھلاڑی ڈیون کونوے نے کہا ہے کہ ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے۔ پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے مارک چیپمین، ڈیرل مچل اور کوچ لیوک رونگی سے پی ایس ایل میں کھیلنے کے بارے میں بات چیت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں اس سے پہلے نیوزی لینڈ ٹیم کے ساتھ کراچی، اسلام آباد اور لاہور آچکا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وقت بہت شاندار گزرا، کھانا بہترین ہے، لوگ بہترین ہیں اور ہوٹل بھی شاندار ہیں۔ ڈیون کونوے نے کہا کہ کچھ سال پہلے نیوزی لینڈ کے ساتھ دورہ پاکستان پر کراچی کے ٹیسٹ میچ کی بہت اچھی یادیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں فاسٹ بولرز کی کارکردگی شاندار رہی ہے، ہرٹیم میں ایسے بولرز ہیں جو 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے گیند کررہے ہیں۔ ڈیون کونوے نے کہا کہ ٹیموں نے 200 سے زائد رنز بھی بنائے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پچز بہت اچھی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمیر منہاس باصلاحیت ہیں اور اوپر کے نمبر پر ایک بہترین بلیباز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکواڈ میں نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ قریب سے کام کرنا دلچسپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سب لوگ بہت خوش اخلاق اور بات کرنے میں نہایت دوستانہ ہیں۔ نیوزی لینڈ کے ساتھ دورہ پاکستان پر کراچی کے ٹیسٹ میچ کی بہت اچھی یادیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں فاسٹ بولرز کی کارکردگی شاندار رہی ہے، ہرٹیم میں ایسے بولرز ہیں جو 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے گیند کررہے ہیں۔ ڈیون کونوے نے کہا کہ ٹیموں نے 200 سے زائد رنز بھی بنائے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پچز بہت اچھی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمیر منہاس باصلاحیت ہیں اور اوپر کے نمبر پر ایک بہترین بلیباز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکواڈ میں نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ قریب سے کام کرنا دلچسپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سب لوگ بہت خوش اخلاق اور بات کرنے میں نہایت دوستانہ ہیں۔

عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہی، یشما گل

آسٹریلیا میں نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 2016 میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا، اداکارہ

کراچی(این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ یشما گل نے کہا ہے کہ میں ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہی، تحقیق کے بعد ایمان کی طرف لوٹ آئی۔ اداکارہ یشما گل نے ایک پوڈ کاسٹ میں انکشاف کیا کہ انہوں نے ماضی میں ڈاکٹر ذاکر نائیک سے تقدیر اور انسان کی مرضی واختیار کے بارے میں سوال کیا تھا۔ یشما نے بتایا کہ وہ ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہیں لیکن تحقیق کے بعد دوبارہ ایمان کی طرف لوٹ آئیں۔ یشما نے سوال کیا تھا، اگر تقدیر پہلے سے لکھی جا چکی ہے تو انسان کا اختیار کہاں سے آتا ہے؟، جس کا جواب ڈاکٹر نائیک نے یوں دیا تھا کہ اللہ جانتا ہے انسان کون سا راستہ اختیار کرے گا، لیکن انتخاب انسان خود کرتا ہے۔ تاہم اب تازہ پوڈ کاسٹ میں یشما نے اپنی ذاتی تشریح بیان کرتے ہوئے کہا، ہر دن انسان کے سامنے کئی دروازے کھلتے ہیں اور وہ اپنی مرضی سے کوئی ایک دروازہ کھولتا ہے۔ تاہم اس انتخاب کے نتائج پہلے سے لکھے ہوتے ہیں۔ ان کے مطابق اللہ سے تعلق جتنا مضبوط ہوگا، اتنی ہی بہتر رہنمائی ملے گی کہ کون سا دروازہ کھولنا ہے۔ انہوں نے ایمان کو ریڈیو سگنل سے تشبیہ دی اور کہا، جیسے ریڈیو پر صحیح فریکوئنسی پر آنے کے بعد آواز صاف سنائی دیتی ہے، ویسے ہی ایمان کو ذکر اور نماز سے چارج کرنا پڑتا ہے تاکہ اللہ کی رہنمائی واضح طور پر مل سکے۔ یشما گل پاکستانی ٹی وی اور فلم کی معروف اداکارہ ہیں، جنہوں نے آسٹریلیا میں نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 2016 میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجھے اپنے شوہر سے بہتر کوئی دوست نہیں ملا: حنا بیات

اللہ تعالیٰ نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکرادا کرتے ہوئے جینی چاہیے

کراچی(آئی این پی) سینئر اداکارہ حنا بیات نے کہا ہے کہ انہیں اپنے شوہر سے بہتر دوست آج تک نہیں مل سکا۔ سوشل میڈیا پر ایک انٹرویو میں حنا بیات نے اپنے شوہر سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ میرے بہترین دوست تھے، بہت اچھا بہت خوبصورت ساتھ تھا میرا میرے شوہر کے ساتھ، جب وہ بیمار تھے میں زیادہ سے زیادہ وقت ان کے ساتھ گزارنا چاہتی تھی اور وہ مجھے کہتے تھے کہ تم نے اپنی زندگی جینی ہے۔ حنا بیات نے کہا کہ اللہ تعالی نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکرادا کرتے ہوئے جینی چاہیے۔ پی) سینئر اداکارہ حنا بیات

نے کہا ہے کہ انہیں اپنے شوہر سے بہتر دوست آج تک نہیں مل سکا۔ سوشل میڈیا پر ایک انٹرویو میں حنا بیات نے اپنے شوہر سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ میرے بہترین دوست تھے، بہت اچھا بہت خوبصورت ساتھ تھا میرا میرے شوہر کے ساتھ، جب وہ بیمار تھے میں زیادہ سے زیادہ وقت ان کے ساتھ گزارنا چاہتی تھی اور وہ مجھے کہتے تھے کہ تم نے اپنی زندگی جینی ہے۔ حنا بیات نے کہا کہ اللہ تعالی نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکرادا کرتے ہوئے جینی چاہیے۔

معروف یوٹیوبر اور وی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کی بیٹے کے ساتھ وائرل ویڈیو کی حقیقت بے نقاب کردی

کراچی(این این آئی) معروف یوٹیوبر اور وی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار ہو گئے، ان کی مبینہ طور پر بیٹے کیوان سلطان کے ساتھ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، تاہم ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ نے اس ویڈیو کی حقیقت بیان کردی۔ رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کی شادی شاندار انداز میں ہوئی تھی، تاہم دونوں زیادہ عرصہ ساتھ نہ رہ سکے، شادی کے کچھ عرصے بعد رجب بٹ بیرون ملک چلے گئے جبکہ ایمان فاطمہ حمل کے باعث پاکستان میں ہی رہیں۔ بعد ازاں رجب بٹ کے مبینہ تعلقات کی خبریں بھی سامنے آئیں اور اب دونوں کے درمیان علیحدگی ہوچکی ہے، دونوں کا ایک بیٹا کیوان سلطان ہے جو اس وقت اپنی والدہ کے ساتھ رہ رہا ہے۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں دعوی کیا گیا کہ رجب بٹ اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں، جس پر صارفین نے خوشی کا اظہار بھی کیا۔ تاہم ایمان فاطمہ نے انسٹاگرام پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ یہ ویڈیو جعلی ہے اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے بنائی گئی ہے، جبکہ ویڈیو میں موجود بچہ ان کا بیٹا نہیں ہے۔ انہوں نے اسے کم عمر بچے کا استحصال قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مواد کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال کرنا بند کیا جائے، کیوان کے چہرے سے ظاہر ہونے والی ویڈیو یوں سوشل میڈیا پر گردش کررہی ہے یہ کوئی حقیقی دلکش لمحہ نہیں تھا، یہ منصوبہ بندی کی گئی، ویڈیو ریکارڈ کی گئی اور پھر جان بوجھ کر رجب کی جانب سے لیک کردی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ رجب کے دوستوں اور کزن نے صرف عید کے دن سوشل میڈیا پر اپنے مواد کے لیے کیوان کی ویڈیو بنائی، رجب بٹ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا اور میڈیا پر پوڈ کاسٹ میں اعلان بھی کیا تھا کہ ہم اپنے بیٹے کو کچھ سالوں تک میڈیا پر نہیں لائیں گے۔ ایمان فاطمہ نے رجب بٹ پر بھی تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ یہ ویڈیو کسی تیسرے فریق کے ذریعے لیک کی گئی ہے اور صرف ایک بار بچے سے ملاقات کو خوبصورت یاد بنا کر پیش کرنا اور اسے استعمال کرنا قابل قبول نہیں۔

اداکارہ تانیا چیٹرجی نے یوزویندر چہل کا نجی میسج لیک کردیا

سوشل میڈیا صارفین اس میسج کو ایک معروف کرکٹر کیلئے غیر پیشہ ورانہ رویہ قرار دے رہے ہیں

بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے ہیں، لیکن اس بار معاملہ میدانِ کرکٹ نہیں بلکہ سوشل میڈیا پر ہونے والی ایک مختصر گفتگو نے طول پکڑ لیا ہے۔ بالغانہ ویب سیریز بنانے والے ادارے الو کی اداکارہ تانیا چٹرجی نے دعوی کیا ہے کہ چہل نے ان کی انسٹاگرام اسٹوری پر صرف ایک لفظ Cute لکھ کر ردعمل دیا، جسے انہوں نے میڈیا کے ساتھ شیئر کردیا۔ یہ معاملہ بظاہر معمولی تھا، مگر دیکھتے ہی دیکھتے سوشل میڈیا پر بحث کا طوفان کھڑا ہوگیا۔ کچھ صارفین کا کہنا ہے کہ کسی کی تعریف کرنا کوئی بڑی بات نہیں، جبکہ دوسرے حلقے اسے ایک معروف کرکٹر کے لیے غیر پیشہ ورانہ رویہ قرار دے رہے ہیں۔ تانیا چٹرجی کی جانب سے اس نجی پیغام کو منظرِ عام پر لانے کے بعد یہ سوال بھی اٹھنے لگا ہے کہ کیا سوشل میڈیا پر ذاتی حدود اب باقی نہیں رہیں؟ کئی صارفین نے اداکارہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ معمولی بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا، جبکہ کچھ افراد نے چہل کے رویے پر بھی سوال اٹھائے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب یوزویندر چہل کسی تنازع کا حصہ بنے ہوں۔ اس سے قبل ان کی ذاتی زندگی، شادی، طلاق اور مبینہ تعلقات کے حوالے سے بھی خبریں گردش میں رہ چکی ہیں، جس کے باعث وہ اکثر خبروں میں رہتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس پورے معاملے پر خود چہل کی جانب سے کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، جس کے باعث قیاس آرائیاں مزید بڑھ گئی ہیں

☆☆☆☆☆☆



ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر ایچ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، شلپا شیٹی

میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا، اداکارہ

ممبئی(این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شلپا شیٹی نے اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں کا ایک مشکل واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میں شوٹنگ کے دوران جلنے کے باوجود کام جاری رکھے ہوئے تھی۔ حال ہی میں ایک شو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر ایچ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، اس وقت مجھے فوری طور پر احساس نہیں ہوا، تاہم کچھ دیر بعد جلن شروع ہوئی تو چوٹ کا اندازہ ہوا۔ شلپا شیٹی نے کہا کہ سین کے مطابق مجھے فریم سے باہر نکلنا تھا اور پیچھے موجود لائٹ سے میری کمر ٹکرا کر جل گئی۔ انہوں نے بتایا کہ عام طور پر جلنے کی شدت کا احساس فوری نہیں ہوتا بلکہ بعد میں ہوتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ چوٹ کے باوجود میں اگلے دن بھی شوٹنگ کے لیے پہنچ گئی، تاہم زخم کی وجہ سے لباس پہننے میں دشواری پیش آئی، میں نے لباس کو زپ کے بجائے سامنے سے پہن کر دھاگوں سے سلوا لیا تاکہ تکلیف کم ہو۔ شلپا شیٹی کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا۔ تاہم زخم کی وجہ سے لباس پہننے میں دشواری پیش آئی، میں نے لباس کو زپ کے بجائے سامنے سے پہن کر دھاگوں سے سلوا لیا تاکہ تکلیف کم ہو۔ شلپا شیٹی کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

والد کی شادی سے متعلق پیشگوئی درست ثابت ہوئی، نادیہ افگن

والد بڑے دور اندیش تھے اور انہوں نے انہیں پہلی شادی سے پہلے ہی خبردار کردیا تھا کہ یہ رشتہ زیادہ دیر نہیں چل پائے گا، اداکارہ

کراچی(این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اور باصلاحیت اداکارہ نادیہ افگن نے انکشاف کیا کہ ان کے والد کی شادی سے متعلق پیشگوئی درست ثابت ہوئی، مگر مشکل وقت میں انہی کے سہارے وہ اس رشتے سے نکل کر آگے بڑھ سکیں۔ حال ہی میں وہ آمنہ حیدر عیسانی کے یوٹیوب شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی کے ایک حساس پہلو پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ان کے والد بڑے دور اندیش تھے اور انہوں نے انہیں پہلی شادی سے پہلے ہی خبردار کر دیا تھا کہ یہ رشتہ زیادہ دیر نہیں چل پائے گا۔ ان کے مطابق والد نے کہا تھا کہ تم دونوں ایک دوسرے سے بہت مختلف ہو اور کوئی بھی باپ اپنی اولاد کے لیے ہمیشہ بہتر ہی سوچتا ہے۔ نادیہ افگن نے مزید بتایا کہ شادی کے موقع پر جب ان کی بارات لاہور سے راولپنڈی آئی تھی تب بھی ان کے والد نے انہیں کہا کہ ابھی بھی وقت ہے مہمانوں کو کھانا کھلا کر واپس بھیج دو۔ بقول نادیہ والد نے زور دیا کہ اگر تم چاہو تو یہ فیصلہ بدل سکتی ہو اور گھر والے اس بات پر ناراض نہیں ہوں گے۔ تاہم، انہوں نے اپنے والد کی بات نہ مانی اور کہا کہ سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔ اداکارہ کے مطابق، شادی کے چند ماہ بعد ہی انہیں احساس ہوگیا تھا کہ ان کے والد کی بات درست تھی، مگر اس کے باوجود انہوں نے رشتہ نبھانے کی کوشش کی۔ ایک سال تک حالات بہتر نہ ہوئے تو آخر کار انہوں نے علیحدگی کا فیصلہ کر لیا۔ اس مشکل وقت میں ان کے والد نے ان کا بھرپور ساتھ دیا اور انہیں حوصلہ دیا کہ اگر رشتہ خوشی نہ دے تو اسے ختم کر دینا بہتر ہے، خاص طور پر بچوں سے پہلے۔ ورنہ بہت دیر ہوجاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی چیز واضح طور پر غلط محسوس ہو تو اپنا قیمتی وقت اسے ٹھیک کرنے میں ضائع کرنے کے بجائے اسے چھوڑ دینا ہی بہتر ہے۔ نادیہ افگن کے مطابق والد نے ہر قدم پر میری حوصلہ افزائی کی، انہوں نے مجھ سے کہا کہ کوئی بات نہیں تم اپنے باپ کے گھر واپس آسکتی ہو، بجائے اس کے کہ زندگی بھر سسکتی رہو اور انہی کی بدولت میں اپنی زندگی کے اس بڑے صدمے سے نکل سکی۔ اداکارہ نے کہا کہ زندگی میں بعض اوقات آگے بڑھ جانا ہی بہترین فیصلہ ہوتا ہے اور انسان کو وقت پر حقیقت کو قبول کر لینا چاہیے۔ نادیہ افگن تقریبا 27 سال سے شوبز انڈسٹری سے وابستہ ہیں اور اپنی شاندار اداکاری کے باعث مداحوں میں خاصی مقبول ہیں۔ انہوں نے کامیڈی سیریل شاشلیک سے شہرت حاصل کی اور اس کے بعد کئی کامیاب ڈراموں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، جن میں سنو چندا، کالا ڈوریا اور کابلی پلا شامل ہیں۔

بقیہ 1

ہے، اس سال یہ دن ”نرسز ہمارا مستقبل۔ بااختیار نرسز زندگی بچاتے ہیں“ کے عنوان کے تحت منایا جا رہا ہے۔ یہ موضوع بلا شبہ نرسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہترین طبی تربیت کی ضرورت کا عکاس ہے جدید تربیت سے آراستہ نرسز بروقت طبی امداد سے قیمتی جانوں کو بچا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انسانیت کے لئے مرد و خواتین نرسز کی بیش قدر خدمات باعث فخر ہیں، بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لئے نرسز کی تیمارداری انسانی خدمت کے جذبہ کی عکاس ہے، اپنی خدمات کے عوض مراعات سے قطع نظر مشکل حالات میں بھی نرسز انسانی خدمت کے لیے صف اول میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں ،کسی بھی ملک میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی باآسانی اور موثر فراہمی نرسز کی خدمات کے بغیر ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ شعبہ طب کی مضبوطی کا دارومدار بہت حد تک ڈاکٹر اور نرسز کی متناسب موجودگی میں ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ملک میں یہ تناسب مزید بہتر کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ اس تناظر میں تمام متعلقہ اداروں، صوبائی حکومتوں کے ساتھ حکمت عملی پر کام جاری ہے۔

بقیہ 2

خسارہ مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے ایک فیصد سے بھی نیچے آ گیا ہے، بنیادی سرپلس، بیرونی کھاتوں کی مضبوطی اور مجموعی معاشی استحکام میں بھی نمایاں بہتری دیکھی جا رہی ہے۔منگل کو یہاں سماجی رابطہ کی ویب سائیٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مالیاتی صورتحال میں ایک بڑی ڈھانچہ جاری تبدیلی سامنے آ رہی ہے، تازہ ترین مالیاتی اعداد و شمار نہ صرف بہتر معاشی نظم و نسق بلکہ مضبوط معاشی بنیادوں اور پائیدار ترقی و نموکی بھی عکاسی کر رہے ہیں، ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ مالیاتی خسارہ مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے ایک فیصد سے بھی نیچے آ گیا ہے، بنیادی سرپلس، بیرونی کھاتوں کی مضبوطی اور مجموعی معاشی استحکام میں بھی نمایاں بہتری دیکھی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جاری مالی کے پہلے نو ماہ کے دوران پاکستان کا مالیاتی خسارہ کم ہو کر جی ڈی پی کے صرف 0.7 فیصد تک پہنچ گیا جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ شرح 2.6 فیصد تھی، یہ پاکستان کی تاریخ میں اب تک ریکارڈ کیا جانے والا سب سے کم مالیاتی خسارہ ہے، اسی طرح مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں بنیادی سرپلس جی ڈی پی کے 2.3 فیصد تک پہنچ گیا جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں بھی 3 فیصد کا غیر معمولی سرپلس ریکارڈ کیا گیا تھا جو محتاط اور نظم و ضبط پر مبنی مالیاتی پالیسیوں کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے ، یہ صورتحال سرکاری مالیات میں بہتری، معاشی استحکام اور اقتصادی بحالی کی نشاندہی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران جی ڈی پی کے تناسب سے ٹیکسوں کی شرح اور مجموعی ریونیو ٹو جی ڈی پی کی شرح میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، ٹیکس وصولیوں میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا جو حالیہ برسوں کی مضبوط ترین کارکردگیوں میں شمار ہو رہا ہے ، اس بہتری کی بڑی وجوہات میں مسلسل اصلاحات، بہتر ٹیکس تعمیل، ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی نظم و نسق میں بہتری شامل ہیں۔خرم شہزاد نے کہا کہ عالمی سطح پر مہنگائی کے دباؤ اور ماضی کے قرضوں کی ادائیگیوں کے باوجود مجموعی حکومتی اخراجات کو موثر انداز میں قابو میں رکھا گیا ہے، جاری اخراجات میں استحکام برقرار رکھا گیا جبکہ ترقیاتی اخراجات کو بھی برقرار رکھا گیا تا کہ طویل مدتی اقتصادی ترقی کو سہارا دیا جا سکے ، دفاعی اخراجات کا جی ڈی پی میں تناسب بھی مجموعی طور پر قابو میں رہا جسے مالیاتی نظم و ضبط کی علامت قرار دیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلسل بنیادی سرپلسز کے باعث پاکستان کے قرضوں کے ڈھانچے میں بہتری آ رہی ہے اور حکومت کی مالیاتی پائیداری مضبوط ہو رہی ہے، سرکاری قرضوں کے تناسب میں بتدریج کمی آ رہی ہے، قرضوں کی ری فنانسنگ سے متعلق خطرات کم ہو رہے ہیں جبکہ قرضوں کی مدت ادائیگی کے ڈھانچے میں بھی بہتری دیکھی جا رہی ہے، مالیاتی ایڈجسٹمنٹ کے اس عمل سے معیشت کی کمزوریاں کم ہو رہی ہیں اور طویل مدتی معاشی استحکام کی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو تاریخی طور پر مالیاتی اور بیرونی کھاتوں کے دوہرے خسارے کا سامنا رہا ہے تاہم جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں دونوں شعبوں میں ایک ساتھ بہتری سامنے آئی ہے، اس پیش رفت سے مالیاتی استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، شرح مبادلہ میں استحکام، مہنگائی میں کمی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بہتری کو تقویت مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بہتر ہوتے معاشی اشاریے اب سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی صورت میں بھی نمایاں ہو رہے ہیں، ملک نے کامیابی کے ساتھ بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل کی ہے جبکہ مینوفیکچرنگ، کارپوریٹ منافع، غیر ملکی سرمایہ کاری اور حصص فروخت کی ابتدائی عوامی سرگرمیوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے، عالمی مالیاتی ادارے، ریٹنگ ایجنسیاں اور بین الاقوامی سرمایہ کار بھی پاکستان کی مالیاتی اور بیرونی شعبے کی بہتر ہوتی بنیادوں کو تسلیم کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ مالیاتی اور بیرونی دونوں خساروں میں بیک وقت بہتری پاکستان کو عالمی سرمایہ کاروں کے لیے زیادہ مستحکم اور قابل اعتماد معیشت کے طور پر سامنے لا رہی ہے۔

بقیہ 3

آبنائے ہرمز کی بندش کے نام پر پاکستان میں غریب عوام پر مہنگائی کی قیامت ڈھا دی گئی ،شہباز شریف کو کہیں بھی حکمران نہیں سمجھا جا رہا، حکومت بے بس اور اسٹیبلشمنٹ طاقتور ہے، آئین کا کھلواڑ بنا دیا گیا ہے۔ پیپلز پارٹی آئین کے تحفظ کے لئے مضبوط کردار ادا کرے ہم اس کے ساتھ کھڑے ہوں گے،خون کی جھیل میں کھڑا ہو کر آپ سے مخاطب ہوں، پارلیمنٹ کے ان کیمرہ اجلاس سے حکومت کیوں راہ فرار اختیار کر رہی ہے۔ اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں خون کی جھیل میں کھڑا ہو کر آپ سے مخاطب ہوں، جمعیت علمائے اسلام کے اکابرین اور پارلیمنٹ کے ممبران دہشت گردی کے ہاتھوں شہید ہو چکے ہیں اس کے باوجود جمعیت علمائے اسلام اور تمام مکاتب فکر آئین اور ملک کے ساتھ کھڑے ہیں، پندرہ بیس آپریشنز کے باوجود حالات قابو نہیں آ رہے بلکہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کے مصداق حالات مزید خرابی کا شکار ہو گئے ہیں، انڈیا کے ساتھ جنگ کے دوران ہمارے دفاعی اداروں نے جو کارکردگی دکھائی ہم نے اسے نہیں چھپایا نہ آج چھپاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باوجود کسی ملک کی پٹرولیم قیمتوں پر کوئی اثر نہیں پڑا صرف پاکستان میں کیوں مہنگائی عروج پر پہنچا دی گئی ہے؟ انڈیا ایران افغانستان کوئی متاثر نہیں ہوا لیکن ہم نے عوام پر قیامت برپا کر دی آخر ماہرین معیشت کہاں ہیں؟ ہم نے موجودہ صورتحال میں پارلیمنٹ کے ان کیمرہ اجلاس کی بات کی لیکن حکومت اس تجویز سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، کیوں ہمیں حالات سے آگاہ نہیں کیا جا رہا، آج دنیا میں شہباز شریف کو ملک اور بیرون ملک کہیں بھی حکمران نہیں سمجھا جا رہا وہ صرف قانون سازیاں کروانے کے لئے ہیں، آج ملک میں آئین کو مذاق بنا دیا گیا ہے حکومت بے بس ہے اور اسٹیبلشمنٹ طاقتور ہے، آج میرا آئین غیر محفوظ ہے اوپر تلے ترامیم لا کر اس کا حلیہ بگاڑا جا رہا ہے، اب اس آئین کو متفقہ شکل کیسے دے سکتے ہیں؟ پیپلز پارٹی سے کہوں گا کہ وہ آئین کے تحفظ کے لئے مضبوط کردار ادا کرے، ہم آپ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پی میں سکیورٹی اہلکار محفوظ نہیں ہیں پورے صوبے میں کوئی حکومتی رٹ نہیں ہیں، بنوں میں پولیس اسٹیشن اڑا دیا گیا، وانا میں پورے قلعے کو اڑا دیا گیا جس کے نتیجے میں فوجی جوان شہید ہوئے ہیں، جو مقامات تحفظ کے ضامن تھے آج انہیں بھی تحفظ حاصل نہیں ہے، مولانا ادریس کا واقعہ کوئی معمولی واقعہ نہیں وہ سال بھر میں اٹھائیس سو طالب علموں کے استاد تھے وہ ایک علمی اثاثہ تھے اس کے باوجود انہیں شہید کیا گیا، وہ زندہ ہیں تمام شہداء زندہ ہیں، کے پی میں لوگ نقل مکانی کر رہے ہیں وہاں امن وامان نہیں ہے لیکن قوم کو اصل صورتحال سے آگاہ نہیں کیا جا رہا، میرے اپنے علاقوں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، بنوں اور لکی مروت میں عوام محفوظ نہیں، کوئی سپاہی اور کوئی شہری محفوظ نہیں، آج ہمارا خون سستا ہو گیا ہے لیکن پٹرول مہنگا ہو رہا ہے، اب تو نمایاں لوگوں نے اپنے علاقوں میں جانا چھوڑ دیا ہے وہ اپنی غمی خوشی یہاں اسلام آباد میں کرتے ہیں ہم بہت مشکلات جھیل کر آتے جاتے ہیں، ایران کے ساتھ دو ہزار پندرہ میں یورینیم کے حوالے سے ایک معاہدہ ہوا آج اسے ختم کر کے امریکا نئے معاہدے پر اصرار کر رہا ہے اور اس بنیاد پر اس پر جنگ مسلط کرنے کا کیا معنی ہے، عرب دنیا نے امریکا ایران جنگ میں بہت تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کیا امریکا کی وجہ سے پورا خلیج غیر محفوظ ہوا لیکن ہم اسے نوبل انعام دینا چاہتے تھے یہ کس قسم کی پالیسیاں بنائی جا رہی ہیں، آئین کھلواڑ بن چکا ہے، آئینی ترمیم کے باوجود اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر قانون سازی کا آج تک آغاز بھی نہیں ہو سکا، یکم جنوری دو ہزار اٹھائیس تک سود کے خاتمے کے لئے آئینی ترمیم کے باوجود اس پر کام کا آغاز تک نہیں ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کو حکومت اپنے قبضے میں لینا چاہتے ہیں ہم ان مدارس کا تحفظ کریں گے اور اس کے لئے لڑنا پڑا تو لڑیں گے بھی، ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ حالات خرابی کی طرف چلے جائیں۔ مدارس رجسٹریشن کا وفاق میں منظور شدہ قانون چاروں صوبوں سے منظور کروا کر نافذ کیا جائے ہمارے ساتھ کئے گئے معاہدوں کی پاسداری کی جائے۔ مدارس آزاد رہیں گے ہم ان کا تحفظ کریں گے، ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 4

میں جی ٹی روڈ پر ریلوے پھاٹک کے قریب چنگچی اڈے میں ہونے والے افسوسناک دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے دھماکے کے نتیجے میں دو ٹریفک پولیس اہلکاروں سمیت خواتین اور بچوں کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں اور ایسے بزدلانہ اقدامات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ چیئرمین سینیٹ نے زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے شہدا کے درجات کی بلندی، اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد مکمل صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 5

کے قریب دہشت گردی کا خطرہ ناکام بنانے کے دوران جان قربان کرنے والے بہادر شہری لیاقت کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ منگل کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے کہا کہ شہید لیاقت جیسے بہادر شہری دہشت گردی کے خلاف قومی استقامت، حب الوطنی اور اجتماعی شعور کی روشن مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ متحد کھڑی ہے۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی مداخلت کی وجہ سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔صدرِ مملکت نے خاص طور پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو شہید لیاقت کے اہلِ خانہ کو قوم کی جانب سے بھرپور یکجہتی کا پیغام پہنچانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 6

سے زیادہ کام کر رہی ہے۔خیرپور میں پیپلز بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈا بھی سب سے زیادہ ہمارے خلاف کیا جاتا ہے، ہمارا کسی سے جھگڑا نہیں۔شرجیل میمن نے کہا کہ چاہتے ہیں تمام سیاسی جماعتیں سیاست کریں، اس وقت پیپلز پارٹی کا مقابلہ کسی جماعت سے نہیں۔انہوں نے کہا کہ خیرپور میں پیپلز بس کے 2 روٹ شروع کر رہے ہیں، مزید بسیں بھی آئیں گی، پنک بسیں، خواتین کے لیے اسکوٹیز اور ڈبل ڈیکر بسیں بھی چلیں گی۔شرجیل میمن نے کہا کہ پیپلز پارٹی جس طرح کام کر رہی ہے ہر انتخاب میں سرخرو ہوگی، آج بھی پورے پاکستان سے مریض علاج کے لیے سندھ آتے ہیں۔

بقیہ 7

کثیر منزلہ ہاسٹل کے جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا اور ہاسٹل میں قائم ماڈل روم بھی دیکھا، انہوں نے ماڈل روم کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت جاری کی۔محسن نقوی نے ایلیٹ پولیس ٹریننگ سکول کے منصوبے کو 31 مئی تک مکمل کرنے کا ٹاسک دیتے ہوئے کہا کہ رواں برس سے افسران کی ایلیٹ ٹریننگ صوبوں کے بجائے نیشنل پولیس اکیڈمی میں کرائی جائے گی۔وزیر داخلہ نے اکیڈمی میں سولر سسٹم کی تنصیب اور موجودہ عمارت کی تزئین و آرائش کے لیے بھی ہدایات جاری کیں جبکہ آئی ٹی سہولیات سے آراستہ جدید تربیت کے لیے تین نئے کلاس رومز بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔انہوں نے ڈرون، نائٹ ویژن اور جدید اسلحہ کے ذریعے تربیت فراہم کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پروموشنل کورسز کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے اور سروس ڈیلیوری پر خصوصی توجہ دی جائے۔محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی میں جدید ڈرائیونگ سکول کے قیام کی ہدایت بھی کی جہاں افسران کو جدید ڈرائیونگ اور کار چیز کی تربیت دی جائے گی، انہوں نے تفتیشی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے کرائم سین رومز قائم کرنے کی بھی ہدایت کی۔وزیر داخلہ نے اکیڈمی میں پیڈل ٹینس کورٹس کے قیام کی ہدایت دی اور سپورٹس کمپلیکس، جم اور سوئمنگ پول کا بھی معائنہ کیا، اس موقع پر سپورٹس کمپلیکس کو جدید بنیادوں پر اپ گریڈ کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔مزید برآں، کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی سعد اختر بھروانہ نے وفاقی وزیر داخلہ کو مختلف منصوبوں پر پیشرفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 8

کی منظوری دے دی گئی ہے، یکم جولائی 2026ء سے جوڈیشل افسران کو کار مونیٹائزیشن الاؤنس دیا جائے گا۔نجی ٹی وی کے مطابق نئے پیکج کے تحت ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو 1 لاکھ 70 ہزار روپے ماہانہ کار الاؤنس ملے گا، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز اور سینئر سول ججز کو 1.5 لاکھ روپے الاؤنس جبکہ سول جج/جوڈیشل مجسٹریٹ کو 1 لاکھ روپے ماہانہ کار مونیٹائزیشن الاؤنس ملے گا۔اس کے علاوہ جوڈیشل افسران کیلئے ہاؤس سیلنگ الاؤنس اور اردلی الاؤنس کی بھی منظوری دی گئی ہے جبکہ موجودہ جوڈیشل الاؤنس میں 7 ہزار روپے اضافہ کیا گیا ہے پیکج پر سالانہ 3 ارب 59 کروڑ روپے لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ہے تاہم کار الاؤنس دینے کے بعد سرکاری گاڑیاں واپس لے لی جائیں گی جس سے تقریباً 3 ارب 79 کروڑ روپے کی بچت متوقع ہے۔فیصلے کے مطابق ماتحت عدلیہ کیلئے نئی سرکاری گاڑیاں نہیں خریدی جائیں گی، تمام گاڑیاں ایس اینڈ جی اے ڈی موٹر ٹرانسپورٹ پول کے حوالے کی جائیں گی جبکہ پول گاڑیوں کی پالیسی ختم کر دی جائے گی۔مزید یہ کہ گاڑیوں کے پیٹرول، مرمت اور مینٹیننس کا بجٹ بند ہوگا، 135 ڈرائیورز کی نئی بھرتیوں پر پابندی ہوگی اور ریٹائرمنٹ کے بعد خالی ہونے والی ڈرائیورز کی آسامیاں بھی ختم کی جائیں گی جبکہ اضافی ڈرائیورز کو سرپلس پول میں بھیجا جائے گا۔

بقیہ 9

خواجہ آصف نے کہا کہ جیسے ہی جنگ کا مستقل حل نکلے گا قیمتیں معمول پر آ جائیں گی۔

بقیہ 10

بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔جام کمال خان نے پاکستان کو وسطی ایشیا کیلئے قدرتی تجارتی گیٹ وے قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہماری بندرگاہیں خطے کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔جام کمال نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی راستوں اور کاروباری روابط کو مزید فعال بنانے پر زور دیا۔انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری فورمز، نمائشوں اور چیمبرز آف کامرس کے روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترکمانستان کے سفیر نے علاقائی تجارت اور روابط کیلئے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان توانائی تعاون اور علاقائی رابطہ منصوبوں پر بھی گفتگو کی۔فریقین نے تجارت، لاجسٹکس اور نجی شعبے کے تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 11

گورنر ہاؤس میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے ملاقات کی۔ صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے اقدامات، پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے ایشوز اور دیگر معاملات پر بات چیت ہوئی۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔صوبائی وزیر نے پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی میں جاری تربیتی پروگراموں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ یونیورسٹی میں ماہ ستمبر میں اے آئی اور آئی ٹی کے دیگر جدید پروگراموں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے موجود سازگار ماحول کے باعث ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کار پنجاب کا رخ کر رہے ہیں۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کے اقدامات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی میں تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔

بقیہ 12

ہیں۔ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اس عزم کا اظہار وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور پاکستان میں تعینات کویت کے سفیر ناصر عبدالرحمن المطیری نے یہاں ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں علاقائی صورتحال، توانائی کے شعبے میں تعاون اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کویت کی حکومت کا بروقت سہولت کاری اور تعاون پر شکریہ ادا کیا جس کے نتیجے میں ڈیزل سپلائی لے کر آنے والا بحری جہاز خیرپور بحفاظت پاکستان پہنچا۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے پیدا ہونے والی رکاوٹوں کے بعد کویت سے خصوصی منظوریوں کے تحت یہ جہاز تقریباً 45 ہزار ٹن ڈیزل اور 10 ہزار ٹن جیٹ فیول کویت سے پاکستان لے کر آیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے تاہم جاری تنازع کے اثرات نہ صرف خطے بلکہ اس سے باہر بھی محسوس کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مشترکہ کاوشوں سے بحری جہاز بحفاظت پاکستان پہنچا جس سے ملک میں ایندھن کی مسلسل فراہمی اور قومی توانائی ضروریات کو برقرار رکھنے میں مدد ملی۔کویتی سفیر المطیری نے خطے میں امن کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کویت پاکستان کے برادر عوام کی جانب سے خطے میں امن کے لیے تعمیری کردار کے تسلسل کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنے ذمہ دارانہ موقف کے ذریعے خود کو ثابت کیا ہے اور اب عالمی برادری میں پاکستان کو ایک نئے اور بلند مقام سے دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ 13

میں آنے کا موقع دیا۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ چند سال قبل تک پاکستان مسلم لیگ (ن) میں خواتین فرنٹ لائن سیاست میں کم دکھائی دیتی تھیں، مگر آج صورتحال تبدیل ہو چکی ہے اور وہ خود اس تبدیلی کی ایک مثال ہیں، مریم اورنگزیب اور عظمیٰ بخاری سمیت متعدد خواتین سیاست اور حکومتی امور میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں جبکہ صوبے کے کئی اہم اداروں کی سربراہی بھی خواتین کے پاس ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی سے ان کی کئی یادیں وابستہ ہیں، ڈگری حاصل کرنا زندگی کے سفر کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئی عملی زندگی کا آغاز ہے، اور معاشرہ خواتین کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ان کا کہنا تھا کہ وہ لکھی ہوئی تقریر کے بجائے دل کی بات کرنا پسند کرتی ہیں اور نوجوانوں کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہیں، حکومت نوجوانوں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔مریم نواز نے کہا کہ ان کی حکومت کا خاص فوکس خواتین کے تحفظ پر ہے، اور اگر کسی خاتون کے ساتھ ہراسانی، چھیڑ چھاڑ، زیادتی یا بے حرمتی کا واقعہ پیش آئے تو وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گی جب تک ذمہ دار عناصر قانون کے کٹہرے میں نہ آ جائیں

بقیہ 14

ہسپتال انتظامیہ نے کہا کہ سرائے نورنگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔

بقیہ 15

عثمان عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے استفسار کیا کہ ڈاکٹر صاحب یہ رپورٹ جمع کرانے کا کیا طریقہ تھا، آپ کے آفیسر نے رپورٹ کے نام پر ایک فوٹو کاپی جمع کرائی ، کیا یونیفارم میں سب کچھ کرنے کی اجازت ہے، ڈاکٹر صاحب کیا آپکا محکمہ اپ کے کنٹرول میں نہیں ہے ،اس طرح تو کوئی پرائیوٹ جگہ پر بھی رپورٹ نہیں دی جاتی ،آپکو پتہ ہے ایسی حرکت پر توہین عدالت کی کارروائی ہو سکتی ہے، ڈسپلن فورس کی جانب سے تو ایسی غیر ذمہ داری نہیں ہونی چاہیے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے بتایا کہ رپورٹ پیش کرنے والے افسر کو معطل کر دیا ہے ۔ عدالت نے وکیل وفاقی حکومت سے استفسار کیا کہ کیا آپ اپنے آفیسرز کی یہ تیاری کروا کہ لاتے ہیں ۔ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت ڈوگر نے کہا کہ ہم عدالت سے معذرت خواہ ہیں ،آئندہ ایسی لاپرواہی نہیں ہوگی ۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ کسی عدالت میں بھی اس انداز میں رپورٹ نہیں جمع ہونی چاہیے ۔وکیل وفاقی حکومت نے بتایا کہ عدالتی حکم پر ایف ائی اے نے انکوئری مکمل کر کی ۔ بعد ازاں عدالت نے ایف آئی اے رپورٹ کی روشنی میں توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی۔

بقیہ 16

پتنگ بازی کا سلسلہ جاری ہے، غیر قانونی پتنگ بازی سے شہریوں کی زندگیاں داؤ پر ہیں۔استدعا ہے کہ بسنت کے دوران کیمیکل ڈور اور پتنگوں کی ضبطی کے بارے میں رپورٹ طلب کی جائے، ضبط شدہ ڈور اور پتنگوں کو محفوظ رکھنے کے مقامات کا ریکارڈ طلب کیا جائے، بسنت کے دوران درج ایف آئی آرز، گرفتاریوں اور سزاؤں کی تفصیلات بھی طلب کی جائے، غیر قانونی پتنگ بازوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا جائے۔عدالت میں سٹیک ہولڈرز کی یوم سیکرٹری سے میٹنگ کی بابت رپورٹ پیش کر دی گئی۔ عدالت میں ایڈیشنل سیکرٹری ہوم نے بسنت کے دوران ہلاکتوں اور زخمیوں کی بابت رپورٹ پیش کر دی۔عدالت نے سرکاری وکیل اور درخواست گزار کو مل بیٹھ کر اس بابت لائحہ عمل دینے کی ہدایت کر دی ۔ بعد ازاں کیس کی مزید سماعت 21 مئی تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 17

سے زائد کمپلینٹ موصول ہوئی جن میں سے 3 ہزار 600 سے زائد شکایات کا فوری ازالہ کیا گیا۔ ایوانِ وزیر اعظم کے پورٹل سے 780 موصول ہونے والی شکایات کو فوری حل کیا گیا، وزیر اعلی پنجاب کے پورٹل 750 سے زائد شکایات کو فوری حل کیا گیا، آئی جی پنجاب پورٹل 1787 سے وصول ہونے والی 1 ہزار سے زائد شکایات کو حل کیا گیا۔ترجمان کے مطابق ٹریفک ہیڈکوارٹر میں 90 درخواست گزاروں کی 75 درخواستیں نمٹائی جا چکی ہیں، بذریعہ ڈاک موصول ہونے والی 50 سے زائد درخواستوں کو بھی فوری حل کیا گیا۔اس کے ساتھ واٹس ایپ کمپلین نمبر 03184642936 کے ذریعے عوامی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جا رہا ہے، واٹس ایپ کمپلین سیل کے ذریعے 1 ہزار سے زائد شکایات کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا گیا۔واٹس ایپ کمپلینٹ نمبر پر لائسنس، بدعنوانی، سٹاف کے رویے اور دیگر شکایات موصول ہوئی۔ سوشل میڈیا سے موصول ہونے والی شکایات کو بھی فوری طور پر حل کیا جاتا ہے۔ڈی آئی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر نے کہا کہ شہری اپنی شکایات اور تجاویز ٹریفک پولیس پنجاب کی ویب سائٹ پر بھی درج کروا سکتے ہیں۔ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول میں تاخیری پر واٹس ایپ نمبر پر میسج کریں۔ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے عام آدمی کے مسائل بروقت حل کئے جا رہے ہیں، ٹریفک پولیس پنجاب شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کیلئے مسلسل کوشاں ہے۔

بقیہ 18

بل کے متن کے مطابق جائیدادوں کے ساتھ جن اشیا کی رجسٹریشن لازم ہے ان کی بائیو میٹرک تصدیق بھی لازم ہوگی، پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی الیکٹرانک ریکارڈ سسٹم تشکیل دے گی۔

بقیہ 19

گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ گزشتہ سال مئی میں پاکستانی فضائیہ نے اپنی حدود میں رہ کر بھارت کے جہاز گرا کر اور پاکستانی ایئر بیسز پر حملوں کے جواب میں آپریشن بنیان المرصوص کے ذریعے بھرپور جواب دے کر اپنی جنگی صلاحیتوں کو ثابت کیا اور پوری دنیا پر واضح کیا کہ پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی ہر کوشش کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، پاکستان جنگ کا قائل نہیں مگر اپنے تحفظ کیلئے ہر قدم اٹھائے گا، مودی سرکار نے اپنے ہی شہریوں پر حملے کر کے ان کا ملبہ پاکستان پر ڈالنے کی جو کوشش کی وہ نہ صرف ناکام ہوئی بلکہ اسے عالمی سطح پر شدید خفت بھی اٹھانا پڑی، عالمی برادری پاکستان کی قیام امن کی کوششوں کو سراہتی ہے، آج دنیا بھر کی نظریں پاکستان پر لگی ہیں جو ایران امریکہ مذاکرات کی راہ ہموار کر کے دنیا کو درپیش بحران سے نکال رہا ہے۔

بقیہ 20

ڈی ٹی اوز کو سختی سے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرانے کا حکم دیا گیا ہے۔مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ اور لین لائن کی خلاف ورزیوں پر بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبہ بھر میں ٹریفک خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور آگاہی اور نفاذ مہم چلانے کی بھی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ٹریفک ہیڈ کوارٹرز نے واضح کیا ہے کہ سات روز بعد تمام اضلاع کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا تا کہ ٹریفک قوانین پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔اس حوالے سے ہیڈ آف ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کا کہنا ہے کہ یکساں قانون کے نفاذ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا جبکہ ایجوکیشن ٹیمز شہریوں میں ڈرائیونگ لائسنس اور ٹریفک قوانین سے متعلق شعور اجاگر کریں گی۔انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کر کے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں کیونکہ سڑکوں پر منظم ٹریفک کا حصول شہریوں کے تعاون سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 21

اور وارادات میں استعمال ہونے والی پک اپ برآمد ہوئی۔ اس کے ساتھ ملزمان سے ناجائز اسلحہ اور گولیاں بھی برآمد ہوئیں ۔ ایس ایچ او چوھنگ فہیم امداد نے بتایا کہ برآمد شدہ مالِ مسروقہ حویلی بابا بلے شاہ سے چوری کیا گیا تھا، چوہنگ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا۔ ایس پی صدر عبداللہ عمران چیمہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی جاری رہے گی۔

بقیہ 22

ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت نرسز کے لیے بہتر ورکنگ ماحول، پیشہ ورانہ تربیت اور مراعات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شعبہ صحت میں مزید بہتری کے لیے نرسنگ اسٹاف کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ وزیر اعلی سندھ نے کہا کہ قوم اپنی نرسز کی خدمات اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور انٹرنیشنل نرسز ڈے انسانیت کی خدمت کرنے والوں کو سلام پیش کرنے کا دن ہے۔

بقیہ 23

کے کنکشن منقطع کرنا شروع کر دیئے ہیں، اس اقدام کے تحت گھریلو، کمرشل اور صنعتی صارفین کے بجلی کنکشن بھی منقطع کیے جا رہے ہیں۔لیسکو حکام نے اقساط کی صورت میں ادائیگی کرنے والے صارفین کو بھی بروقت بلز جمع کروانے کی وارننگ جاری کر دی ہے۔ مزید برآں ایک ہی گھر میں کسی ایک صارف کے نادہندہ ہونے کی صورت میں دیگر کنکشنز منقطع کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق بعض علاقوں میں کئی سالوں سے بلز کی عدم ادائیگی کی نشاندہی ہوئی جبکہ متعدد صارفین نے پرانے واجبات ادا کرنے کے بجائے نئے میٹر لگوا کر بجلی استعمال کرنا شروع کر رکھی تھی۔لیسکو نے ایسے صارفین کے خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے پرانے بقایاجات کی بنیاد پر نئے کنکشنز منقطع کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

بقیہ 24

جاری کر دیا گیا ہے۔حکام کے مطابق 10 لاکھ 50 ہزار بڑے جبکہ 4 لاکھ 50 ہزار چھوٹے ویسٹ بیگز تیار کیے جائیں گے۔ بڑے بیگز 50 سے 60 کلو جبکہ چھوٹے بیگز 20 سے 25 کلو تک گنجائش رکھنے کے حامل ہوں گے۔شہریوں کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر سبز رنگ کے ماحول دوست ویسٹ بیگز فراہم کیے جائیں گے تا کہ قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کی محفوظ تلفی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایل ڈبلیو ایم اے کے مطابق عید سے قبل شہر کی تمام یونین کونسلز میں مفت بائیو ڈی گریڈ ایبل بیگز دستیاب ہوں گے جبکہ شہری یونین کونسلز اور ایل ڈبلیو ایم اے کے کیمپس سے بھی مفت ویسٹ بیگز حاصل کر سکیں گے۔

بقیہ 25

خدمت مرکز بحریہ، شگفتہ شاہین کو انچارج ڈیفنس سینٹر تعینات ،ٹریفک انسپکٹر رانا صداقت کو انچارج واپڈا ٹاؤن، ساجد سلیم کو انچارج پولیس خدمت مرکز کاہنہ تعینات کر دیا گیا۔سی ٹی او لاہور نے نئے تعینات ہونے والے انچارجز اور بیٹ افسران کو فوری چارج لینے کا حکم دیا ہے۔انہوں نے نئے لائسنسنگ سٹاف کو واضح پیغام دیا کہ شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے ،ڈرائیونگ ٹیسٹ کیلئے آنے والے تمام شہریوں کی ٹیسٹنگ ویڈیوز محفوظ رکھنے کا حکم دیا گیا۔سی ٹی او لاہور نے کرپشن پر دوٹوک پیغام جاری کرتے ہوئے معطلی کی بجائے نوکری سے برخاستگی ہوگی تمام ڈرائیونگ سنٹرز میں خواتین اور سینئر سٹیزنز کو ترجیحی دینے کا حکم ۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک افسران شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔

بقیہ 26

دیکھا جا سکتا ہے۔ڈاکو گن پوائنٹ پر گھر میں داخل ہوئے اور اہلخانہ کو یرغمال بنا کر سونا لوٹ لیا۔دورانِ تفتیش سگے بھانجے نے واردات کی منصوبہ بندی اور سہولت کاری کا اعتراف کر لیا۔ ملزمان سے لوٹا گیا سونا، نقدی رقم، پستول اور واردات میں استعمال موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ۔ گرفتار ملزمان زرگم، حیدر اور عمار کے خلاف مقدمہ درج جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 27

شفقت حسین واڈو کو نیا ممبر سندھ ارسا تعینات کر دیا۔

بقیہ 28

اسلام آباد مذاکرات کے ابتدائی دور کے دوران ایران اور امریکہ سے متعدد طیارے پاکستان پہنچے تاکہ مذاکراتی عمل سے وابستہ سفارتی عملے، سکیورٹی ٹیموں اور انتظامی سٹاف کی نقل و حرکت کو سہولت فراہم کی جا سکے، بعض طیارے اور معاون عملہ آئندہ ممکنہ مذاکراتی ادوار کی توقع میں عارضی طور پر پاکستان میں موجود رہا۔ وزارت خارجہ کی جانب سے کہا گیا کہ اگرچہ باضابطہ مذاکرات ابھی دوبارہ شروع نہیں ہوئے، تاہم اعلیٰ سطح پر سفارتی روابط مسلسل جاری رہے ہیں، اسی تناظر میں ایرانی وزیرِ خارجہ کے اسلام آباد کے دوروں کو موجودہ انتظامی اور لاجسٹک سہولیات کے تحت ممکن بنایا گیا، پاکستان میں موجود ایرانی طیارے جنگ بندی کے دوران آئے تھے اور ان کا کسی فوجی ہنگامی صورتحال یا حفاظتی انتظام سے کوئی تعلق نہیں، اس کے برعکس دعوے محض قیاس آرائیاں، گمراہ کن اور حقائق سے مکمل طور پر عاری ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے ہمیشہ ایک غیر جانبدار، تعمیری اور ذمہ دار سہولت کار کے طور پر مکالمے اور کشیدگی میں کمی کی حمایت کی ہے، اسی کردار کے تحت پاکستان نے جہاں ضرورت پیش آئی، معمول کے مطابق انتظامی اور لاجسٹک تعاون فراہم کیا جبکہ تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ مکمل شفافیت اور مسلسل رابطہ بھی برقرار رکھا۔وزارت خارجہ نے واضح کیا کہ پاکستان خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی اور بامعنی مذاکرات کے لیے کی جانے والی تمام مخلصانہ کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 29

کہا ہے کہ صنعت اور زراعت کیلئے الگ نرخ مقرر کئے جائیں گے جبکہ کٹیگریز کو دن کے اوقات میں 6 سے 7 روپے فی یونٹ سستی بجلی فراہم کی جائے گی اور یہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وفاقی حکومت ہر ممکن صارفین بجلی کو سہولیات فراہم کرے گی تاکہ غریب اور متوسط طبقے پر کم سے کم بوجھ پڑے۔

بقیہ 30

سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے ۔منصوبے کے اہم نکات کے مطابق فلم انڈسٹری سے وابستہ افراد کیلئے تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا اور سینما کی ترقی کیلئے ون ونڈو سہولت کاری فراہم ہوگی جبکہ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں موبائل، اوپن ایئر اور کمیونٹی سینما قائم کیے جائیں گے۔حکام کے مطابق منصوبے میں بند سینما ہالز کو جدید سہولیات کے ساتھ بحال کرنے اور پرانی فلموں کی ڈیجیٹائزیشن اور سینما ورثے کا تحفظ کرنا بھی شامل ہے اس اقدام سے نہ صرف فلمی صنعت کو نئی زندگی ملے گی بلکہ نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے دروازے بھی کھلیں گے اور پاکستان کے ثقافتی ورثے کو محفوظ بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 31

اہم کردار ادا کرے گا۔حکومت پنجاب پہلی بار مقامی اے آئی پلیٹ فارم قائم کرے گی، بڑے لینگوئج ماڈلز کو مقامی سطح پر ہوسٹ اور ٹرین کیا جا سکے گا۔اردو سمیت مقامی زبانوں کی سپورٹ بھی منصوبے کا حصہ ہوگی۔ منصوبے کے تحت سرکاری اداروں اور جامعات کو محفوظ اے آئی سینڈ باکس فراہم کیا جائے گا۔ ابتدائی تجربات میں وائس انٹرفیس اور ذہین سرچ سسٹمز کامیاب قرار دیدیا گیا، حساس سرکاری ڈیٹا کو غیر ملکی کلاؤڈ پر منتقل کرنا خطرناک قرار دیا گیا۔ جدید جی پی یو انفراسٹرکچر کی کمی منصوبوں کے نفاذ میں بڑی رکاوٹ تھی۔حکام کے مطابق پنجاب حکومت 13 کروڑ سے زائد شہریوں کو 50 سے زیادہ شعبوں میں خدمات فراہم کر رہی ہے، سرکاری شعبے میں 10 لاکھ سے زائد افراد خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 32

استعمال کرنے کے اقدامات بھی شامل ہیں۔دستاویزات کے مطابق منظوری کے بعد پنجاب میں انسداد دہشتگردی ٹرائل سسٹم میں بڑی تبدیلی آئے گی جبکہ حساس مقدمات میں محدود عدالتی رسائی اور محفوظ ریکارڈ سسٹم بھی متعارف کرایا جائے گا۔حکام کے مطابق دہشتگردی کیسز میں سزا کی شرح بہتر بنانے کیلئے نئی قانونی حکمت عملی پر کئی روز سے کام جاری تھا، جس کے بعد پنجاب کابینہ نے انسداد دہشت گردی ایکٹ میں ترمیم کی منظوری دی۔

بقیہ 33

وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اقتدار سنبھالتے ہی لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی تیاری کیلئے کمیٹی بنائی جس نے مسودہ قانون کی تیاری کے لئے مسلسل کام کیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ پنجاب میں سب سے زیادہ الیکشن مسلم لیگ ن کی حکومتوں میں کرائے گئے۔ بدقسمتی سے نہ صرف 2018 میں 58 ہزار بلدیاتی نمائندوں کو ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے چلتا کر دیا گیا بلکہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی بلدیاتی نظام کو بحال نہ کیا گیا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ میاں محمد شہباز شریف جب پنجاب کے وزیر اعلیٰ تھے تو اُن کے دور میں چلتے بلدیاتی اداروں کو گھر نہیں بھیجا گیا۔ انہوں نے کہا کہ چلتے بلدیاتی نظام کو ڈسٹرب نہ کرنا مسلم لیگ (ن) کی پالیسی ہے۔ وزیر بلدیات پنجاب نے کہا کہ میں نے ہر فورم پر یقین دلایا کہ جو ایکٹ بنایا ہے اُس کے مطابق الیکشن کرا دیں گے۔ ہم نے کوئی لمحہ ضائع کئے بغیر بلدیاتی انتخابات کے لئے کام جاری رکھا۔ الحمدللہ اب الیکشن ایکٹ بن چکا ہے۔ محکمہ بلدیات نے حد بندی کا عمل مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے عمل میں آپ کو کوئی تاخیر نظر نہیں آئے گی۔ انشاء اللہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق آئندہ بھی تاخیر نہیں ہوگی۔

بقیہ 34

پر بے بی ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب میں ایئرپورٹ منیجر اور جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔ پی اے اے کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر قائم ڈے کیئر سینٹر تمام ملازمت پیشہ ماں کے بچوں کے لیے دستیاب ہوگا جبکہ 3 ماہ سے 3 سال تک کے بچوں کو ڈے کیئر سینٹر میں داخلے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی حکام کے مطابق ڈے کیئر سینٹر ابتدائی مرحلے میں صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک فعال رہے گا جبکہ مستقبل قریب میں اسے 24 گھنٹے فعال بنانے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ پی اے اے کے مطابق ڈے کیئر سینٹر کے قیام سے کام کرنے والی ماں کو بچوں کی نگہداشت میں سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 35

تک پہنچ گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ سن فلاور آئل کی یہ قیمت حالیہ دنوں میں بلند ترین سطح پر شمار کی جا رہی ہے۔

بقیہ 36

5 نئے انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینکس کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد شہر میں فعال میگا واٹر سٹوریج ٹینکس کی تعداد 18 ہو جائے گی جبکہ زیر تعمیر ٹینکس کی مجموعی گنجائش 70 لاکھ گیلن پانی ذخیرہ کرنے کی ہوگی۔ محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق اسلام پورہ بابا گراؤنڈ واٹر ٹینک کا تعمیراتی کام 90 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ لکشمی چوک واٹر سٹوریج ٹینک کا 65 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ اسی طرح چوبرجی انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینک کا 50 فیصد، یو ای ٹی واٹر سٹوریج ٹینک کا 40 فیصد جبکہ برکت مارکیٹ واٹر سٹوریج ٹینک کا 35 فیصد تعمیراتی کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان منصوبوں سے بڑے پیمانے پر بارشی پانی کو ذخیرہ کیا جا سکے گا، جس سے اربن فلڈنگ کے مسائل کے حل میں بھی نمایاں مدد ملے گی

بقیہ 37

پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، جبکہ ایک لاکھ 60 ہزار سے زائد پولیو ورکرز اس قومی مہم میں فرائض سرانجام دیں گے۔ ای او سی حکام کے مطابق خصوصی انسداد پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت منعقد کی جائے گی تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو موثر انداز میں روکا جا سکے۔ اعداد و شمار کے مطابق پنجاب کے 10 مخصوص اضلاع میں 61 لاکھ 90 ہزار، سندھ کے 20 اضلاع میں 57 لاکھ 90 ہزار، خیبر پختونخوا کے 23 اضلاع میں 46 لاکھ 10 ہزار جبکہ بلوچستان کے 25 اضلاع میں 19 لاکھ 90 ہزار بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔

سرگودھا میں عیدالاضحیٰ سے قبل صفائی، سکیورٹی اور انتظامی اقدامات تیز کرنے کا حکم

عید کے موقع پر صفائی اور آلائشوں کی بروقت تلفی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔جس کے لئے بروقت موثر اقدامات کئے جائیں گے۔

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا میں عیدالاضحیٰ سے قبل صفائی، سکیورٹی اور انتظامی اقدامات تیز کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے اعلیٰ سطحی اجلاس میں افسران کو ہدایت کی کہ عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر ابھی سے انتظامات مکمل کئے جائیں۔انہوں نے زور دیا کہ تمام مویشی منڈیاں مقررہ مقامات پر قائم کی جائیں، اور صفائی کا جامع پلان تشکیل دیا جائے

سرگودھا، گندم ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن، 20ہزار سے زائد بوریاں گندم برآمد

گندم کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا میں گندم ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن میں قصبہ ساہیوال کے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر 20 ہزار سے زائد بوریاں گندم برآمد کر لی گئیں جسے سرکاری تحویل میں لیکر ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔ذرائع کے مطابق سرگودھا میں گندم کی خریداری مہم میں ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن میں قصبہ ساہیوال میں پیرافورس کے انچارج وقاص احمد نیازی نے محکمہ فوڈ کے افسران مہر اعجاز احمد سیال، محمد اسلم، عباس شاہ اور سپیشل برانچ کے ہمراہ چھاپے مار کر مختلف مقامات سے ذخیرہ کی گئی 20 ہزار سے زائد بوریاں گندم برآمد کر لیں جن کو سرکاری تحویل میں لیکر ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے اس موقع پر محکمہ فوڈ کے حکام کا کہنا تھا کہ گندم کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔

سرگودھا، عدالت نے 14 سالہ بچے سے زیادتی کے مقدمے کا فیصلہ سنا دیا

سرگودھا(این این آئی) عدالت نے 14 سالہ بچے سے زیادتی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو سزائے موت، 5لاکھ روپے ہرجانہ اور دو لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ چک سیدا میں 35 سالہ اوباش ندیم حیات نے گھر جانے والے 14 سالہ بچے عالیان ظفر کو راستہ سے زبردستی پکڑ کر موٹر سائیکل پر بھیٹا لیا اور اسے کھیتوں میں لیجا کر 14 سالہ بچے کو ڈرا دھمکا کر اپنی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا ۔

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے چین کے آئی بی آئی انٹرنیشنل گروپ کا وفد ملاقات کر رہا ہے، اس موقع پر چین میں پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی اور میاں زاہد حسین بھی موجود ہیں۔

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں گندم ڈیلرز کی من مانیاں عروج پر، سرکاری ریٹ ہوا میں اڑا دیا گیا

آڑھتیوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کی دھجیاں بکھیر دیں، شہری لٹنے لگے

مکوآنہ(این این آئی) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں گندم ڈیلرز اور آڑھتیوں کی مبینہ من مانیاں بے قابو ہوگئیں، جہاں سرکاری نرخ 3500 روپے مقرر ہونے کے باوجود گندم 3900 سے 4000 روپے فی من تک فروخت کی جا رہی ہے۔شہریوں اور کسانوں نے مہنگے داموں گندم فروخت کرنے والوں کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سے فوری کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف عوام کو ریلیف دینے اور مہنگائی کنٹرول کرنے کے لیے دن رات اقدامات کر رہی ہیں، مگر مکوآنہ میں بعض آڑھتی اور ڈیلرز سرکاری احکامات کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے کھلے عام لوٹ مار میں مصروف ہیں۔شہریوں نے الزام عائد کیا کہ انتظامیہ کی خاموشی نے ناجائز منافع خوروں کے حوصلے مزید بلند کر دیے ہیں۔

فیصل آباد پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزمہ کو گرفتار کر لیا

مکوآنہ(این این آئی) فیصل آباد پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزمہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ملزمہ نے 9 سال قبل ساتھیوں کے ساتھ مل کر دوران ڈکیتی فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، پولیس نے ملزمہ کیخلاف قانونی کارروائی شروع کر دی۔پولیس حکام نے بتایا کہ سی پی او فیصل آباد تنویر حسین کی ہدایت پر ڈی آئی جی بی جڑانوالہ ڈویژن نے کارروائی کرکے دوران ڈکیتی قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزمہ کلثوم بی بی کو گرفتار کر لیا۔

شادی شدہ جوڑے کو جان سے مارنے کی دھمکیاں۔ جوڑے نے تحفظ کا مطالبہ کیا

مورو شہر میں مقیم میاں بیوی کو لڑکی کے رشتہ داروں نے بلیک میلنگ کے الزام میں جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) شادی شدہ جوڑے کو جان سے مارنے کی دھمکیاں۔ جوڑے نے تحفظ کا مطالبہ کیا۔مورو شہر میں مقیم میاں بیوی کو لڑکی کے رشتہ داروں نے بلیک میلنگ کے الزام میں جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔خاتون مسمات رضوانہ سولنگی نے میڈیا کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ایک سال قبل میرے والدین امان اللہ چانڈیو اور مسمات رخسانہ نے میری پیسوں کے عوض مورو کے رہائشی عبدالجبار سولنگی سے شادی کروائی تھی۔میں حاملہ ہوں۔اب ایک سال گزرنے کے بعد وہ میرے شوہر عبدالجبار سولنگی سے دوبارہ رقم کا مطالبہ کر رہے ہیں اور اگر میں نے نہیں دیا تو بلیک میلنگ کا الزام لگا کر جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔دھمکیاں دینے والوں میں امان اللہ چانڈیو، نور محمد لاشاری، حبیب اللہ چانڈیو، ثناء اللہ چانڈیو، عبداللطیف چانڈیو، مسمات رخسانہ چانڈیو اور شامی چانڈیو شامل ہیں۔اگر ہمیں کچھ ہوا تو اس کے ذمہ دار مذکورہ بالا لوگ ہوں گے۔مسمات رضوانہ سولنگی نے، وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اڈھو، ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد فیصل بشیر میمن، ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو، ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر اور ایس ایچ او مورو امتیاز علی کھاوڑ سمیت دیگر سے تحفظ کا مطالبہ کیا ہے۔

ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو کی سخت ہدایات پر مورو پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردیں

ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو کے سخت احکامات پر منشیات فروشوں اور جرائم میں ملوث دیگر ملزمان کے خلاف کارروائی کی گئی

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد ڈویژن فیصل بشیر میمن اور ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو کی سخت ہدایات پر مورو پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دیں۔اس سلسلے میں ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر اور ایس ایچ او مورو انسپکٹر امتیاز علی کھاوڑ نے پولیس نفری کے ہمراہ خادم منیر ولد فدا حسین شیخ نامی شخص کو ناجائز شراب فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔اس کے پاس سے 10 لیٹر دیسی شراب برآمد ہوئی۔سرکار کی جانب سے گرفتار ملزم خادم منیر شیخ کے خلاف مورو تھانے میں منشیات ایکٹ کی دفعہ 4/3 اور جرم نمبر 210/2026 کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔رابطہ کرنے پر ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر نے مورو کے سینیئر صحافی سندھی الطاف سومرو کو بتایا کہ ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو کے سخت احکامات پر منشیات فروشوں اور جرائم میں ملوث دیگر ملزمان کے خلاف کارروائی کی گئی ہے اور ان کے سرپرستوں کے خلاف مقدمات درج کر کے ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی، مورو کے شہری بھی ہمارا ساتھ دیں تاکہ ہم شہر سے منشیات کا خاتمہ کر سکیں۔

چوہدری انضمام وینگ کے بیٹے کے عقیقہ کی تقریب مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی

دوست احباب و رشتہ داروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

کاموکی (رانا اسد شبیر سے) سادھوکی کے نواحی گاؤں نظر انوالی میں چوہدری انضمام وینگ کے بیٹے کے عقیقہ کی تقریب مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس میں دوست احباب و رشتہ داروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقعہ پر چوہدری انضمام وینگ کو بیٹے کی مبارکباد دی گئی اور بچے کے لیے دعائیں بھی کی گئی۔آنے والے مہمانوں کی لزیز کھانوں کے ساتھ تواضع بھی کی گئی ۔انضمام وینگ نے تمام مہمانوں کا شکریہ بھی ادا کیا

ڈی سی آفس پاراچنار میں محکمہ صحت کے امور سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سمیت ایس پی اپریشن اور متعلقہ افسران نے شرکت کی

کرم)محمد خالق اورکزئی) ضلع کرم پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی زیر صدارت ڈی سی آفس پاراچنار میں محکمہ صحت کے امور سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سمیت ایس پی اپریشن اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس کا مقصد ضلع میں صحت عامہ کی صورتحال کا جامع جائزہ لینا اور طبی سہولیات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانا تھا۔اجلاس کے دوران ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی اور عوام کو معیاری علاج کی فراہمی جیسے اہم نکات پر تفصیلی غور کیا گیا۔اس موقع پر صحت کے نظام میں درپیش مسائل، ان کے اسباب اور ممکنہ حل کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اہلکاران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں مزید بہتری لائیں، عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں، اور موجودہ خامیوں کے ازالے کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں صحت کے شعبے کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر، معیاری اور بروقت طبی سہولیات میسر آسکیں اور انہیں علاج معالجے کے سلسلے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ضلع کرم، پاراچنار: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آر اینڈ ایچ آر ڈاکٹر محمد علی نے ریسکیو 1122 سٹیشن پاراچنار کا تفصیلی دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے سٹیشن کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور عملے کی حاضری، دستیاب سہولیات اور آلات کا جائزہ لیا

کرم) بیورو رپورٹ) ضلع کرم، پاراچنار: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آر اینڈ ایچ آر ڈاکٹر محمد علی نے ریسکیو 1122 سٹیشن پاراچنار کا تفصیلی دورہ کیا۔دورے کے دوران انہوں نے سٹیشن کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور عملے کی حاضری، دستیاب سہولیات اور آلات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈی ای او غلام مرتضیٰ بھی موجود تھے۔جنہوں نے سٹیشن کی مجموعی کارکردگی، دستیاب وسائل اور ایمرجنسی ریسپانس طریقہ کار کے حوالے سے بریفنگ دی۔اے ڈی سی آر اینڈ ایچ آر نے متعلقہ عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں، عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اور تمام مشینری و آلات کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے۔انہوں نے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور وہاں قائم مانیٹرنگ سسٹم اور کمیونیکیشن نظم و نسق کا جائزہ لیتے ہوئے مزید بہتری کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔

وحشت اور دہشت پر سرنڈر نہیں کرینگے حافظ طاہر محمود اشرفی

اب افغانی عبوری حکومت سے دوٹوک بات کرنا ہوگی بہت ہوگیا، خونی بازار بند کرنا پڑے گا' چیئرمین پاکستان علماء کونسل

لاہور(این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ہم دہشت گردوں سے ڈرنے والے نہیں، وحشت اور دہشت پر سرنڈر نہیں کریں گے، اب افغانی عبوری حکومت سے دوٹوک بات کرنا ہوگی کہ بہت ہوگیا اب خونی بازار بند کرنا پڑے گا، بنوں میں پولیس کے 20 شہداء کے نماز جنازہ میں کوئی حکومتی شخصیت موجود نہیں تھی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ اور وزیر داخلہ کہاں تھے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بی ٹیوٹا کے دسویں بورڈ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مویشی منڈیوں کی سکیورٹی، جانوروں کی چوری اور نوسر بازی روکنے کیلئے سخت اقدامات کا حکم

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کا اہم اجلاس

لاہور(این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔جس میں دونوں ڈویژنز کی مجموعی کارکردگی، جرائم کی صورتحال اور امن و امان سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور نے مویشی منڈیوں کی فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے، قربانی کے جانوروں کی چوری کی روک تھام اور خریداروں کو نوسر بازی سے محفوظ رکھنے کیلئے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کی۔انہوں نے قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت کے دوران شہریوں سے دھوکہ دہی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے بھی احکامات جاری کیے۔سی سی پی او لاہور نے غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ قانون پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ایف آئی آر کے فوری اندراج اور انصاف کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے 10 روز میں کامیاب آپریشنز، 73 منشیات فروش گرفتار

مجموعی طور پر 255 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، تخمینہ شدہ مالیت تقریباً 4 کروڑ 20 لاکھ روپے ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے گزشتہ 10 روز کے دوران پنجاب بھر میں 70 کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرتے ہوئے 73 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔مختلف کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ترجمان پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے مطابق کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 255 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی جن کی تخمینہ شدہ مالیت تقریباً 4 کروڑ 20 لاکھ روپے ہے۔برآمد ہونے والی منشیات میں 230 کلوگرام چرس، 13 کلوگرام افیون، 3 کلوگرام آئس، 9 کلوگرام کینابس اور 250 گرام ہیروئن شامل ہے۔اسی دوران ملزمان کے قبضے سے 20 ہتھیار بھی برآمد کیے گئے جن میں 15 پسٹل، 2 ایس ایم جیز اور 3 رائفلیں شامل ہیں۔ڈی جی پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے بتایا کہ اگست 2025 سے اب تک فورس کی جانب سے مجموعی طور پر 7.21 ٹن منشیات برآمد کی جا چکی ہیں

لاہور: صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل، اسلامی بینکاری و مالیات کے موضوع پر اہم آگاہی و فیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری ساتھ بیٹھے ہیں۔

حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا، جاوید قصوری

بجلی صارفین سے 19 کھرب روپے کے ٹیکسوں کی وصولی تشویشناک ہے' امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے ہر چیز کی قیمت دوگنا کر دی ہے، آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں اور دیگر اشیائے ضروریہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دراصل عوام دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے جس نے مزدور، کسان، تنخواہ دار طبقے اور چھوٹے تاجروں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بجلی صارفین سے گزشتہ تین برسوں کے دوران 19 کھرب روپے کے ٹیکسوں کی وصولی اور صرف ایک سال میں 7 کھرب روپے کا ظالمانہ بوجھ غریب عوام پر ڈالنا لمحہ فکریہ ہے۔

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سی ایس ایس امتحان میں نمایاں کام منتخب ہونے والی ڈاکٹر عائشہ آصف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ایل ڈبلیو ایم سی کی سینئر مینیجر کی ہدایات پر سمن آباد کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن میں آپریشن کلین اپ

عیدالاضحیٰ سے قبل علاقے کو صاف، ستھرا اور خوبصورت بنانے کے لیے خصوصی صفائی آپریشن جاری

لاہور(این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ویژن کے تحت لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی سینئر مینیجر عائشہ نذیر کی خصوصی ہدایات پر یونین کونسل 215، زون 36 سمن آباد کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کیلئے آپریشن کلین اپ کیا گیا۔عیدالاضحیٰ سے قبل علاقے کو صاف، ستھرا اور خوبصورت بنانے کے لیے خصوصی صفائی آپریشن جاری ہے۔سینٹری سپروائزر محمد ابرار نے اپنی ٹیم کے ہمراہ گلی محلوں، پارکوں، مساجد اور اہم شاہراہوں سے صفائی ستھرائی کے لئے آپریشن کلین اپ کیا۔اس موقع پر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران بھی موقع پر موجود رہ کر صفائی کے عمل کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔اہل علاقہ نے صفائی عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ورکروں اور افسران کو خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر سینئر مینیجر عائشہ نذیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صاف پنجاب ویژن کے مطابق عید قربان سے قبل تمام علاقوں کو مکمل طور پر صاف ستھرا بنانا اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ صفائی برقرار رکھنے میں عملے کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا منکر کبھی بھی مسلمان نہیں ہوسکتا' جے یو آئی (س)

ایمان کی بقا عقیدہ ختم نبوتؐ پر منحصر ہے قادیانیت کا فتنہ زہرناک اور امت مسلمہ کے ایمان کا قاتل ہے

لاہور(این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، سیکرٹری اطلاعات و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی ،مولانا عبیداللہ بھکر، مولانا عرفان شاکر و دیگر ذمہ داران نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا منکر کبھی بھی مسلمان نہیں ہوسکتا، ایمان کی بقاء عقیدہ ختم نبوتؐ پر منحصر ہے، قادیانیت کا فتنہ زہرناک اور امت مسلمہ کے ایمان کا قاتل ہے، قادیانیوں نے آج تک پاکستان کے آئین کو تسلیم نہیں کیا قادیانی آئین کے باغی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قادیانی آئین پاکستان کی رو کے مطابق غیر مسلم اقلیت ہیں انکا اسلام اور مسلمانوں سے کوئی تعلق نہیں۔اسلام کی بنیاد توحید باری تعالیٰ اور عقیدہ ختم نبوت، جناب نبی کریم ﷺ کو آخری نبی تسلیم کرنے میں ہے

لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان بنگلہ دیش سول سروسز افسران کی کمشنر آفس آمد پر منعقدہ بریفنگ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

سندھ ہائی کورٹ، ڈکیتی مزاحمت پر لڑکی کے قتل کیس میں سزائے موت عمر قید میں تبدیل

ملزم جوان ہے اور کوئی سابقہ مجرمانہ ریکارڈ نہیں، اصلاح کے امکانات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، عدالت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے ڈکیتی مزاحمت پر نوجوان لڑکی کے قتل کے مقدمے میں ملزم محمد نبی کی ٹرائل کورٹ سے سنائی گئی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا، جبکہ دیگر دفعات کے تحت آٹھ برس قید اور چار لاکھ روپے جرمانے کی سزا برقرار رکھی گئی ہے۔عدالت میں سماعت کے دوران پراسیکیوٹر نے موقف اختیار کیا کہ 2019 میں گلشن اقبال کے علاقے میں ملزمان نے مقتولہ مصباح اختر اور ان کے والد سے لوٹ مار کی تھی۔مزاحمت پر ملزمان نے 22 سالہ مصباح اختر کو گولی مار کر قتل کر دیا تھا۔دوران سماعت وکیل صفائی نے ملزم کی سزا میں نرمی کی استدعا کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزم کا کوئی سابقہ مجرمانہ ریکارڈ موجود نہیں اور وہ پہلی مرتبہ اس نوعیت کے مقدمے میں ملوث پایا گیا ہے۔عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ فوجداری نظام کا مقصد صرف سزا دینا نہیں بلکہ اصلاح اور بحالی کے اصولوں کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

ستھرا پنجاب ایجنسی، پیرا فورس نے کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کیخلاف کارروائی کا آغاز کردیا

مرکزی شاہراہوں، کمرشل مارکیٹس میں کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کیخلاف کارروائی کا آغاز

لاہور/ فیروزوالا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ستھرا پنجاب ایجنسی اور پیرا فورس نے مرکزی شاہراہوں اور کمرشل مارکیٹس میں کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا۔مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی شیخوپورہ کامران اشرف نے مرکزی شاہراہوں اور کمرشل مارکیٹس میں کوڑا کرکٹ پھینکنے والے دکانداروں اور صنعتی یونٹس کے خلاف اینٹی لٹرنگ مہم کا باقاعدہ آغاز کیا۔

ریموٹ سرچ پارک چشمہ چیک پوسٹ پر میانوالی پولیس نے گندم سمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام بنا دی

میانوالی(این این آئی) ریموٹ سرچ پارک چشمہ چیک پوسٹ پر میانوالی پولیس نے گندم سمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے سخت ہدایات پر انچارج چیک پوسٹ انسپکٹر فیض حمید خان نے ہمراہ بھاری پولیس نفری کارروائی کرتے ہوئے پنجاب سے صوبہ خیبر پختونخوا گندم سمگلنگ کرنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔

سپر ٹیکس کی یکمشت کی بجائے اقساط میں وصولی کی جائے' لاہور ٹیکس بار

ٹیکس دہندگان پر عائد ڈیفالٹ سرچارج فوری طور پر ختم کیا جائے' سیمینار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سپر ٹیکس کی اقساط میں وصولی اور ٹیکس دہندگان پر عائد ڈیفالٹ سرچارج فوری طور پر ختم کیا جائے تاکہ کاروباری طبقہ مزید مالی دباؤ سے بچ سکے۔یہ مطالبات لاہور ٹیکس بار کے زیر اہتمام سپر ٹیکس کے سیکشن 4بی اور 4سی کے موضوع پر منعقدہ اہم سیمینار میں کیے گئے۔سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے لاہور ٹیکس بار کے عہدیداروں رانا ثاقب منیر، فاروق گجر، میاں عثمان جاوید، علی رضا چیمہ اور سعد ایوب خان نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں ٹیکس دہندگان شدید مشکلات کا شکار ہیں اور ایسے حالات میں کئی سالوں کے سپر ٹیکس کی یکمشت ادائیگی ممکن نہیں، احکومت اقساط میں وصولی کی سہولت فراہم کرے تاکہ سو فیصد ٹیکس وصولی یقینی بنائی جاسکے۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں شہید بے نظیر بھٹو فلائی اوور پروجیکٹ حیدر آباد کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایس ایم ایز، برآمدی صنعتوں کیلئے روڈ میپ کی تیاری کے فیصلے کا خیر مقدم

اس عمل کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے حقیقی اسٹیک ہولڈرز کو مشاورتی عمل میں شامل کیا جائے' وائس چیئرمین فاؤنڈرز خادم حسین

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے وائس چیئرمین، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروزپور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے وزیر اعظم کی جانب سے ایس ایم ایز اور برآمدی صنعتوں کیلئے جامع روڈ میپ تیار کرنے کے احکامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ ہے کہ اس عمل کیلئے حقیقی اسٹیک ہولڈرز کو بھی مشاورتی عمل میں شامل کیا جائے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ برآمدی صنعتیں پاکستان کے مجموعی معاشی ترقیاتی اہداف کے حصول میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں لیکن انہیں وہ سہولیات اور مراعات حاصل نہیں جو ہمارے حریف ممالک کو اپنی حکومتوں کی جانب سے دی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر دور میں حکومت کی جانب سے برآمدات میں اضافے کے لئے متعلقہ صنعتوں کو سہولت دینے کے اعلانات تو کئے جاتے ہیں۔

کندیاں میں خاتون سانپ کے کاٹنے سے جاں بحق

میانوالی(این این آئی) میانوالی کے علاقہ کندیاں میں محمد اقبال مونا نامی شخص کی اہلیہ کو زہریلے سانپ نے کاٹ لیا۔تفصیلات کے مطابق میانوالی کے نواحی علاقہ کندیاں کا رہائشی محمد اقبال مونا اپنی فیملی کے ہمراہ رات کو گھر کے صحن میں سو رہے تھے کہ ایک انتہائی زہریلا سانپ محمد اقبال مونا کی اہلیہ کے بستر پر چڑھ کر اسے کاٹ لیا اس کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔

رہائشی پلاٹوں کی کمرشل کیٹیگری میں تبدیلی پر عائد پابندی ختم

کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کے کیس میں رہائشی پلاٹوں کی کیٹیگری کمرشل میں تبدیل کرنے کی پابندی پر مبنی فیصلہ واپس

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے رہائشی پلاٹوں کی کمرشل کیٹیگری میں تبدیلی پر عائد پابندی ختم کر دی۔کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کے کیس میں عدالت نے رہائشی پلاٹوں کی کیٹیگری کمرشل میں تبدیل کرنے کی پابندی پر مبنی فیصلہ واپس لے لیا اور کیس نمٹا دیا۔وفاقی آئینی عدالت نے واضح کیا کہ پارکس، ہسپتالوں اور کھیل کے میدانوں سمیت عوامی مقامات کی کیٹیگری تبدیل نہیں ہوسکے گی۔

ملکی معیشت کے استحکام، برآمدات کے فروغ کیلئے مشترکہ تعاون ناگزیر ہے' معظم اقبال سپرا

پنجاب ریونیو اتھارٹی، ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کے ممبران کا بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی اور ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کے ممبران کا بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس ہوا جس میں ٹیکس نظام میں بہتری اور کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا نے سیالکوٹ کی صنعتوں اور برآمد کنندگان کو درپیش ٹیکس مسائل سنے۔صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اور دیگر ممبران نے ٹیکس ادائیگی کے نظام کو مزید آسان بنانے کی تجاویز دیں۔چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی کی کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ کاروباری افراد کو درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر تدارک حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کے استحکام اور برآمدات کے فروغ کیلئے مشترکہ تعاون ناگزیر ہے۔صدر چیمبر آف کامرس نے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کرنے کیلئے پنجاب ریونیو اتھارٹی سے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی

بہاولپور میں حادثات، خاتون اور پولیس اہلکار جاں بحق، نوجوان شدید زخمی

بہاولپور(این این آئی) بہاولپور میں مختلف حادثات میں خاتون اور پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔قومی شاہراہ پر مسافر خانے کے قریب تیز رفتار بس نے موٹرسائیکل کو ٹکر ماردی جس کے باعث خاتون جاں بحق ہوگئی، نوجوان شدید زخمی ہوگیا، نوجوان کو ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر ہسپتال منتقل کر دیا۔سمہ سٹہ ریلوے سٹیشن پر چلتی ہوئی ٹرین سے اترتے ہوئے پولیس ملازم ٹرین کی زد میں آگیا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا

سندھ رینجرز نے لالو گروہ کے سرغنہ سمیت 4 کارندے گرفتار کر لئے

گرفتار ملزمان سے ایک 9 ایم ایم پستول، 2 میگزین بمعہ ایمونیشن اور 2 موبائل فونز برآمد

کراچی(این این آئی) پاکستان رینجرز سندھ نے خفیہ معلومات پر بلدیہ ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور سٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ''لالو گروہ'' کے 4 کارندے گرفتار کر لئے۔ترجمان رینجرز کے مطابق ملزمان میں لعل محمد عرف لالو (گروہ کا سرغنہ)، محمد شفیق، اجمل کاکڑ اور ثناء اللہ ولد محبت خان شامل ہیں۔گرفتار ملزمان سے ایک 9 ایم ایم پستول (بغیر لائسنس)، 2 میگزین بمعہ ایمونیشن اور 2 موبائل فونز برآمد کئے گئے۔ترجمان نے بتایا کہ ملزمان اورنگی ٹاؤن، بلدیہ ٹاؤن، گلشن غازی اور سعید آباد میں ڈکیتی، سٹریٹ کرائم، موٹرسائیکل اور موبائل فون چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں، ملزمان اسلحہ کے زور پر شہریوں کو اب تک 2 سے 3 موٹرسائیکل، 40 سے 50 موبائل فونز اور تقریباً 10 لاکھ روپے سے محروم کر چکے ہیں۔

شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فیلڈ میں مکمل متحرک

مانانوالہ(این این ائی) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن غلام صابر کی زیر نگرانی پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے فیلڈ میں مکمل متحرک، ضلع بھر میں خوراک سے منسلک 132 کاروباروں کا معائنہ کیا گیا، حفظان صحت کیا صولوں کی خلاف ورزی اور صفائی کے ناقص انتظامات پر 1 لاکھ 96 ہزار روپے سے زائد کا جرمانہ عائد کیا

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عیدالاضحیٰ کی آمد، حکومت کا تنخواہ اور پنشن پیشگی ادا کرنے کا فیصلہ

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو 22 مئی کو ادائیگیاں کی جائیں گی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد(این این آئی) حکومت نے عیدالاضحیٰ کے سلسلہ میں سرکاری ملازمین اور پنشنروں کو تنخواہیں اور پنشن پیشگی ادا کرنے کا فیصلہ کرلیا۔وزارت خزانہ نے مئی 2026 کی تنخواہوں اور پنشن کی قبل از وقت ادائیگی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے تحت عیدالاضحیٰ کے پیش نظر سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو 22 مئی کو ادائیگیاں کی جائیں گی۔وزارت خزانہ کے مطابق عیدالاضحیٰ 27 یا 28 مئی 2026 کو متوقع ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں نرسنگ ڈے منایا گیا

اس دن کو منانے کا مقصد نرسنگ کے شعبے کی اہمیت کو اجاگر اور نرسوں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے

لاہور(این این آئی) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی منگل کو نرسنگ کا دن منایا گیا۔اس دن کو منانے کا مقصد نرسنگ کے شعبے کی اہمیت کو اجاگر اور نرسوں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے، پاکستان میں صحت کے شعبے کو تقریباً 15 لاکھ نرسز کی کمی کا سامنا ہے۔انٹرنیشنل کونسل آف نرسز کے زیر اہتمام ''نرسوں کا عالمی دن'' ہر سال 12 مئی کو منایا جاتا ہے، 12 مئی جدید نرسنگ کی بانی فلورنس نائٹن گیل کا یوم پیدائش بھی ہے۔اس دن کو باقاعدہ منانے کا آغاز 1965 سے ہوا، شعبہ صحت میں نرسنگ کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے، پاکستان میں نرسنگ کے شعبے کی بنیاد 1949ء میں بیگم رعنا لیاقت علی خان نے رکھی تھی۔کووڈ-19 کے دوران نرسوں نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر جس طرح کام کیا اسکی مثال نہیں ملتی۔پاکستان میں صحت کے شعبے کو نرسوں کی بدترین کمی کا سامنا ہے۔

حیدر آباد: بروہی اتحاد کی جانب سے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔

سرگودھا شہر میں ستھرا پنجاب کا عملہ صفائی کے غائب، گلی محلوں میں گندگی کے ڈھیر لگ گئے

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا شہر میں ستھرا پنجاب کا عملہ صفائی کے غائب ہوجانے سے گلی محلوں میں جگہ جگہ گندگی اور کوڑا کرکٹ کے ڈھیر بدبو اور تعفن پھیلانے لگے۔ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے محلہ مقام حیات، بخشی کالونی، سکا کالونی یو سی 15 سمیت متعدد علاقوں میں ستھرا پنجاب کا عملہ صفائی کے غائب ہونے سے گھروں کے باہر جگہ جگہ گندگی اور کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گے جن سے بدبو اور تعفن نے لوگوں کی زندگی اجیرن کر دی۔

مرید کے، مختلف حادثات و واقعات میں 2 افراد جاں بحق 2 شدید زخمی

کالاشاہ کاکو(این این آئی) مرید کے شہر اور گردونواح میں پیش آنے والے مختلف افسوسناک حادثات اور پرتشدد واقعات نے فضا سوگوار کر دی ریسکیو ذرائع کے مطابق مختلف واقعات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 2 شدید زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ کنکریٹ فیکٹری کے قریب ایک ہولناک حادثے میں موٹر سائیکل سوار ٹرک سے ٹکرا کر جاں بحق ہو گیا ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والا 17 سالہ معاویہ تھا جو گوجرانوالہ سے لاہور جا رہا تھا۔

کراچی میں لینڈ مافیا سے 50 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری زمین واگزار

اویکیو ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ کی قیمتی املاک پر برسوں سے قائم غیر قانونی تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا، ترجمان ایف آئی اے

کراچی(این این آئی) کراچی میں فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کے اینٹی کرپشن ونگ نے لینڈ مافیا کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری زمین واگزار کرالی۔ترجمان ایف آئی اے کے مطابق آپریشن کے دوران تقریبا 50 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری جائیداد قبضہ مافیا سے چھڑائی گئی۔کارروائی میں غلام حسین قاسم کوارٹرز میں قائم غیر قانونی قبضہ بھی ختم کر دیا گیا۔